CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | ہفتہ 15 مارچ 2025ء، 14 رمضان المبارک 1446ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 74

وزیراعظم کا چینی کی ذخیرہ اندوزی، مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا حکم

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چینی کے ذخیرہ اندوزوں اور مصنوعی طور پر چینی کی قلت پیدا کر کے قیمت میں اضافے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی ہدایت کر دی

شہباز شریف نے چینی کی کھپت اور رسد پر کڑی نظر رکھنے اور متعلقہ حکام کو شوگر ملوں کے ساتھ چینی کی کھپت و رسد کی نگرانی کیلئے روابط مربوط کرنے کی ہدایت کر دی

ملک میں چینی کی وافر مقدار موجود ہے، مصنوعی طور پر بحران کی فضا پیدا کرنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لایا جائے، رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عام آدمی کا مافیا کے ہاتھوں قطعاً استحصال نہیں ہونے دیں گے

اسلام آباد: (آئی پی ایس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چینی کے ذخیرہ اندوزوں اور مصنوعی طور پر چینی کی قلت پیدا کر کے قیمت میں اضافے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی ہدایت کر دی۔ اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت چینی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

فروری 2025 میں گاڑیوں کی فروخت میں 24 فیصد اضافہ

ڈیوٹی میں کمی کے بعد درآمدی اور مقامی دونوں گاڑیوں کی فروخت بڑھ رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) شرح سود درآمدی ڈیوٹی میں کمی اور آٹو فنانس میں اضافے کے نتیجے میں فروری 2025 میں گاڑیوں کی فروخت میں 24 فیصد اضافہ ہو گیا، گزشتہ ماہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد شیئر کرنے سے گریز کیا جائے: وزیر مذہبی امور

ختم نبوت پر جو یقین نہیں رکھتا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، اس پر کوئی دو رائے نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر انتہائی احتیاط سے کام کریں، توہین آمیز مواد شیئر کرنے سے گریز کریں۔ سردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے یورپی یونین (EU) کی سفیر ڈاکٹر رینا کیونکا ملاقات کر رہے ہیں۔

ٹرین حملہ، بھارت افغان تعلق ثابت

مشرقی و مغربی پاکستان میں دہشتگردی کا مین اسپانسر ہے، ڈی جی ISPR

پوری کارروائی کے دوران دہشتگرد افغانستان میں اپنے ہینڈلر سے مسلسل رابطے میں تھے، دہشت گردوں کے پاس غیر ملکی اسلحہ اور آلات موجود تھے، آپریشن میں بازیاب ہونے والے مسافروں کو خوراک مہیا کی گئی اور فورسز کی نگرانی میں محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا

دہشتگردوں نے 24 گھنٹے کے دوران کئی یرغمالیوں کو شہید کیا، جعفر ایکسپریس پر حملے میں 18 سیکیورٹی اہلکاروں سمیت 26 افراد شہید ہوئے، شہادتیں آپریشن شروع کیے جانے سے قبل ہوئیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی پریس کانفرنس

جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد بھارتی میڈیا جعلی اے آئی ویڈیوز کے ذریعے پروپیگنڈا کرتا رہا اور دہشت گردوں کی پروپیگنڈا ویڈیوز دنیا کو دکھاتا رہا، پچھلی حکومت نے نظر ثانی شدہ نیشنل ایکشن پلان دیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے ڈی جی لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مشرقی پڑوسی پاکستان میں دہشت گردی کا مین اسپانسر ہے، پوری کارروائی کے دوران دہشتگرد افغانستان میں اپنے ہینڈلر سے مسلسل رابطے میں تھے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی ایوان صدر میں آبادی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک فوج کا یرغمالیوں کی رہائی کو ممکن بنانا قابل تعریف ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

جعفر ایکسپریس حملہ، پاک فوج کا یرغمالیوں کی رہائی کو ممکن بنانا قابل تعریف ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

علیحدگی پسندوں سے دہشت گردوں جیسا برتاؤ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کا یرغمالیوں کی رہائی کو ممکن بنانا قابل تعریف ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کے آغاز میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ میں ای فائلنگ کا نیا نظام متعارف کروا دیا گیا

17 مارچ 2025ء سے سپریم کورٹ میں ڈیجیٹل فائلنگ کا آغاز ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں ای فائلنگ کا نیا نظام متعارف کروا دیا گیا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے اعلامیے کے مطابق مقدمات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم سے یورپی یونین کی سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے یورپی یونین کی سفیر ڈاکٹر رینا کیونکا نے وزیراعظم ہاؤس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اوگرا میں افسران اور اسٹاف کی ترقیاں اور تقرریاں

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) میں افسران اور اسٹاف کی ترقیاں اور تقرریاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ڈالہ، گارڈز والے کلچر کا خاتمہ کرنا ہوگا، اسپیکر ملک محمد احمد خان

گن والا کلچر عوام کی نفرت کا باعث بن رہا ہے، شہری سہمے ہوئے ہیں

اسپیکر نے سابقہ 180 تحاریک التوائے کار کو قائمہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی نے جعفر ایکسپریس پر دہشتگردی کے ہولناک واقعہ کے خلاف اور کامیاب آپریشن پر پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، سہولت بازار اتھارٹی سمیت پانچ مسودات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

علیمہ خان جے آئی ٹی کے سامنے پیش نہیں ہوئیں

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر بیانات کی تحقیقات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب یورپی یونین کی پاکستان میں سفیر ڈاکٹر رینا کیونکا سے ملاقات کر رہے ہیں۔

ترقی کیلئے دہشتگردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، سردار سلیم حیدر خان

جعفر ایکسپریس کے شہید لانس نائیک عثمان کی نماز جنازہ میں شرکت

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ملک میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لئے دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ دہشت گردوں کی بربریت سے قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا۔ دہشت گردوں نے عورتوں اور بچوں کو ڈھال بنا کر بزدلانہ فعل کا مظاہرہ کیا۔ یہ بات انہوں نے فتح جنگ میں سانحہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلاموفوبیا کا سب سے بڑا مقابلہ ہم عمل سے کر سکتے ہیں، احسن اقبال

دنیا میں اسلام دشمن قوتیں منفی پروپیگنڈا کر کے نفرت پھیلانا چاہتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا کا سب سے بڑا مقابلہ ہم اپنے عمل سے کر سکتے ہیں۔ رد اسلاموفوبیا کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صرف سیاست کیلئے ایسا بیانیہ بنایا گیا جس سے متاثر ہو کر ایک شخص نے میری زندگی لینے کی کوشش کی، کیا یہ اسلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

نبی کریمؐ کی عزت و حرمت ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی جزو ہے، یوسف رضا گیلانی

پاکستان کا آئین ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ کے ضامن ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ آف پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی نے "یوم تحفظ ناموس رسالت" کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ نبی کریمؐ کی عزت و حرمت ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی جزو ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہم ہر ممکن اقدام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ٹی ٹی پی اور بی ایل اے میں صرف داڑھی کا فرق ہے، طلال چوہدری

جب ہاؤس میں فلور پر بات کریں تو بنیادی حقائق پتہ ہونے چاہئیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے میں صرف داڑھی کا فرق ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ جب ہاؤس میں فلور پر بات کریں تو بنیادی حقائق پتہ ہونے چاہئیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے میں کوئی فرق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پاکستان مختلف مذاہب کا حسین امتزاج، سب کو یکساں حقوق میسر ہیں

مریم نواز

رنگوں کا یہ خوبصورت تہوار ہولی محبت، امن اور بھائی چارے کی علامت ہے، پاکستان مختلف مذاہب کی برادریوں کا حسین امتزاج ہے، سب کو یکساں حقوق و مواقع میسر ہیں

یہاں ہر مذہب، ہر برادری کو مکمل احترام حاصل ہے، ایسا پنجاب بنا رہے ہیں جہاں ہر شہری خود کو محفوظ، بااختیار اور برابر کا پاکستانی محسوس کرے

لاہور: (آئی پی ایس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ اقلیتوں کے جان اور مال کے تحفظ کو ریڈ لائن قرار دے کر یقینی بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ہندو برادری کے تہوار ہولی پر پیغام جاری کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

24 اور 26 نومبر احتجاج؛ پی ٹی آئی کے 209 کارکنوں کی ضمانت منظور

راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی کارکنوں کی ضمانت منظور کی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 24 اور 26 نومبر احتجاج کیسز میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 209 کارکنوں کی ضمانت منظور کر لی۔ انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے دیگر گرفتار 615 پی ٹی آئی کارکنوں کی ضمانت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

واپڈا نے دریاؤں اور اذبی ذخیروں میں پانی کی صورتِ حال بارے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) نے دریاؤں اور اذبی ذخیروں میں پانی کی صورت حال بارے آگاہ کر دیا واپڈا کے اعداد و شمار کے مطابق سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد 19 ہزار 600 کیوسک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے، مگر یہ آپ کو کیا پتہ کہ کیا ہوتی ہے، زرتاج گل

وزیر دفاع ان تمام باتوں پر اعتماد میں لینے کے بجائے پی ٹی آئی کو فکس کرنا چاہتے تھے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما زرتاج گل نے کہا ہے کہ کوئی شرم ہوتی ہے، کوئی حیا ہوتی ہے مگر یہ آپ کو کیا پتہ کہ کیا ہوتی ہے۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر دفاع کو کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے کا فقرہ بولنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پشاور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور پبلک سیکٹر اداروں کے موثر انتظام کے لیے مربوط آئی ٹی پورٹل کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بینک الفلاح سیکیورٹیز میں 540 ملین روپے کی خرد برد کا معاملہ

نادیہ حسین نے ایف آئی اے کراچی سے رابطہ کیا، جس پر انہیں جعلی کال سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے سابق سی ای او عاطف محمد خان کو 08 مارچ 2025 کو گرفتار کیا ملزم عاطف محمد خان بطور سی ای او اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے مالیاتی دھوکہ دہی میں ملوث پایا گیا ملزم عاطف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

این ایچ اے کے صرف ایک منصوبے میں 13.5 ارب روپے کی بچت

وزیر مواصلات نے زیر تکمیل منصوبوں پر ٹائم لائن اور لینڈ ایکوزیشن پر رپورٹ طلب کر لی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو وفاقی وزیر مواصلات کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے صرف ایک منصوبے میں ساڑھے 13 ارب روپے کی بچت ہوئی ہے، نئی شرائط پر صوبہ خیبر پختونخوا میں سرائے صالح سے حویلیاں ہائی وے کی تعمیر میں کنٹریکٹر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ٹرین کے ذریعے لاہور پہنچنے کے بعد ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

رمضان کے دوران چینی کی قیمتوں میں 14 روپے فی کلو کا اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں رمضان المبارک کے دوران چینی کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وفاقی ادارہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

لاہور ہائیکورٹ ایسوسی ایشن نے بھی ججز کا تبادلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ ایسوسی ایشن نے بھی ججز کا تبادلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ سپریم کورٹ میں ججز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان مسقط میں انوسٹ اومان لاؤنج کا دورہ کر رہے ہیں

KP اور بلوچستان کی صورتحال پر حکومت و اداروں کو قوم کو اعتماد میں لینے کی ضرورت ہے

مولانا فضل الرحمن

امن و امان، خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی صورتحال پر حکومت اور اداروں کی جانب سے قوم کو اعتماد میں لینے کی ضرورت ہے

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بدامنی جیسے اہم مسئلے کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (آئی پی ایس) جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے جنوبی وزیرستان میں مسجد میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کی ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ رمضان کے مقدس مہینے اور مسجد کی حرمت کو پامال کیا گیا جو افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ مولانا فضل الرحمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا بانی پی ٹی آئی کو ذاتی حیثیت میں یا ویڈیو لنک سے پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کو ذاتی حیثیت میں یا ویڈیو لنک سے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

جرمنی سے منگوائے گئے نئے جدید پرنٹرز پاسپورٹ ہیڈ کوارٹرز پہنچ گئے

نئے جدید پرنٹرز ایک گھنٹے میں ایک ہزار پاسپورٹس پرنٹ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاسپورٹ ہیڈ کوارٹرز میں جدید ٹیکنالوجی سے لیس نئے پرنٹرز پہنچا دیے گئے۔ جرمنی سے درآمد کیے گئے ان پرنٹرز میں دو جدید ای پرنٹرز اور چھ ڈیسک ٹاپ پرنٹرز شامل ہیں۔ ڈی جی پاسپورٹس مصطفیٰ جہاں قاضی نے ای پرنٹرز سیکشن کا دورہ کیا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو عمران خان سے ملاقات کر کے عدالت میں پیش ہونے کا حکم

عدالت سپرنٹنڈنٹ کے بیان سے مطمئن نہیں ہوئی تو 3 بجے بانی پی ٹی آئی کو پیش کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) عدالت نے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو عمران خان سے ملاقات کر کے عدالت میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ پی ٹی آئی رہنما مشال یوسفزئی کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے روکنے کے خلاف کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے دن 12 بجے سپرنٹنڈنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری گورنر ہاؤس میں بارہویں افطار ڈنر میں شریک افراد سے خطاب کر رہے ہیں۔

مسائل کا حل مذاکرات میں مضمر ہے، مذاکرات ملکی مفاد میں ہونے چاہئیں، اسپیکر قومی اسمبلی

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ناگزیر ہیں، سردار ایاز صادق

اپوزیشن لیڈر کو عوام اور ان کے مسائل کی فکر نہیں، بس وہ احتجاج کے بعد واک آؤٹ کر جاتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پارلیمنٹ ہاؤس کے مغلیہ گارڈن میں میکنولیا گرینڈی فلورا کا پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر خطیب جامع مسجد پارلیمنٹ ہاؤس، مولانا احمد الرحمن نے ملک کی ترقی، خوشحالی اور موسمیاتی آفات سے محفوظ رہنے کے لیے خصوصی دعا کروائی۔ اسپیکر قومی اسمبلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ہائی پاور سلیکشن بورڈ پر ایف بی آر افسران کی پروموشن کا عمل روکنے کا حکم امتناع ختم

اب پروموشن بورڈ ایف بی آر افسران کی پروموشن کا ایک ماہ میں فیصلہ کرے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ہائی پاور سلیکشن بورڈ پر ایف بی آر افسران کی پروموشن کا عمل روکنے کا حکم امتناع ختم کر دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس اعجاز اسحاق خان نے ہائی پاور سلیکشن بورڈ پر ایف بی آر افسران کی پروموشن کا عمل روکنے کے حکم امتناع سے متعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

جنوبی وزیرستان کی مسجد میں دھماکہ، جے یو آئی کے ضلعی امیر سمیت متعدد افراد زخمی

دھماکہ نماز جمعہ کے دوران مسجد میں ہوا، دھماکے میں جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا عبداللہ ندیم بھی زخمی ہوئے ہیں

مولانا عبداللہ ندیم سمیت اب تک چار افراد زخمی لائے گئے ہیں، دھماکے کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں

جنوبی وزیرستان: (آئی پی ایس) لوئر جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک بازار کی مسجد میں دھماکا ہو گیا جس کے باعث متعدد افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ نماز جمعہ کے دوران مسجد میں ہوا، دھماکے میں جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا عبداللہ ندیم بھی زخمی ہوئے ہیں۔ واقعہ کی اطلاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

جعفر ایکسپریس حملہ، بیگناہ مسافروں کی شہادت قابل مذمت ہے، سید جہانگیر شاہ

پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ (این این آئی) سیاسی و سماجی رہنما سید جہانگیر شاہ نے دہشت گردوں کے جعفر ایکسپریس پر حملے کے نتیجے میں بے گناہ مسافروں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ہم سب کو دہشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سانحہ کیس استغاثہ کیس ثابت کرنے میں ناکام رہا، اسلام آباد ہائیکورٹ

آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات 5 اور 9 کے ساتھ تعزیرات پاکستان کی سیکشن 34 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا

سابق وزیراعظم عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی اپیلوں پر سزا کالعدم قرار دینے کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے

اسلام آباد (آئی پی ایس) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سانحہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی اپیلوں پر سزا کالعدم قرار دینے کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا کہ استغاثہ کیس ثابت کرنے میں ناکام رہا نجی ٹی وی کے مطابق اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ایف بی آر نے صنعتی شعبے کی ویڈیو مانیٹرنگ کا آئی ایم ایف کا مطالبہ پورا کر دیا

مجاز وینڈر نصب ٹیکنالوجی کو وقتاً فوقتاً اپ گریڈ کرنے کا پابند ہوگا، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے صنعتی شعبے کی ویڈیو مانیٹرنگ کا آئی ایم ایف کا مطالبہ پورا کر دیا۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایف بی آر صنعتی شعبے کی پیداوار کی نگرانی کرے گا، سینٹرل کنٹرول یونٹ ایف بی آر کو ریئل ٹائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

قوم افواج کیساتھ ہے، دہشتگردی کیخلاف ہم سب کو متحد ہونا ہوگا

بلاول بھٹو

صوبائی اسمبلی نے پانی کے مسئلے پر ایک واضح پیغام دیا، کچھ لوگوں کو اس معاملے کی سنگینی کا احساس ہوا یہ اچھی بات ہے

ہم مخالفت برائے مخالفت نہیں کرتے، ہم سمجھتے ہیں کہ مسائل کا حل سیاسی انداز میں ہی نکل سکتا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتا ہوں، پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ہم سب کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونا پڑے گا، صوبائی اسمبلی نے پانی کے مسئلے پر ایک واضح پیغام دیا، کچھ لوگوں کو اس معاملے کی سنگینی کا احساس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر مسافر سے 1.172 کلوگرام آئس ہیروئن برآمد

مسقط جانے والے مسافر نے آئس ہیروئن بیگ میں مہارت سے چھپا رکھی تھی

اسلام آباد (این این آئی) ایئرپورٹ سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کر کے مسافر سے 1.172 کلوگرام آئس ہیروئن برآمد کر لی۔ ترجمان اے ایس ایف کے مطابق مسقط جانے والے مسافر نے آئس ہیروئن بیگ میں مہارت سے چھپا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اداریہ

آپ کی رائے

سکیورٹی فورسز کے اپریشن، جعفر ایکسپریس حملے کے تمام ملزموں کی ہلاکت

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر حملے میں ملوث تمام دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے خلاف اپریشن کامیابی سے مکمل کرلیا۔ اپریشن شروع ہونے سے قبل دہشت گردوں کے حملوں میں 21 مسافر شہید ہوئے جبکہ سکیورٹی فورسز نے اپریشن کے دوران تمام 33 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے گزشتہ روز اپنی پریس بریفنگ میں دہشت گردی کے اس مذموم واقعہ اور اس کیخلاف سکیورٹی فورسز کے اپریشن کی تفصیلات بتائیں اور کہا کہ اپریشن میں ایس ایس جی، ایئر فورس اور پولیس نے حصہ لیا۔ پہلے مرحلے میں خودکش حملہ آوروں کو نشانہ بنایا گیا اور تمام دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ انہوں نے باور کرایا کہ کسی کو پاکستان کے شہریوں کو نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں۔ ٹرین میں 400 مسافر سوار تھے اور کلیئرنس اپریشن میں کسی مسافر کو نقصان نہیں پہنچا جبکہ تمام مغوی مسافروں کو مرحلہ وار دہشت گردوں سے بازیاب کرالیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر نے ایک ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 11 مارچ کو دہشت گردوں نے ریلوے ٹرین کو نشانہ بنایا اور جعفر ایکسپریس کو روکا۔ یہ علاقہ دشوار گزار ہے، دہشت گردوں نے یرغمال بنائے گئے مسافروں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کیا جن میں بچے اور خواتین بھی شامل تھیں۔ جنرل احمد شریف کے مطابق یرغمالیوں کی بازیابی کا اپریشن فوری طور پر شروع کر دیا گیا جس میں آرمی، ایئر فورس، فرنٹیئر کور اور ایس ایس جی کے جوانوں نے حصہ لیا اور مرحلہ وار یرغمالیوں کو رہا کرایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام تر کلیئرنس اپریشن میں تمام یرغمالیوں کو رہا کرالیا گیا ہے جس کے بعد فورسز کے نشانہ بازوں نے دہشت گردوں کیخلاف کارروائی کا آغاز کیا اور پہلے خودکش بمباروں کو ہلاک کیا، پھر مرحلہ وار بوگی سے بوگی کلیئرنس کی اور وہاں موجود تمام 33 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ اپریشن سے پہلے ایف سی کے تین جوان دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوئے اور ایک جوان کو اپریشن کے دوران شہادت حاصل ہوئی۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ جعفر ایکسپریس کے واقعہ نے گیم کے رولز تبدیل کر دیئے ہیں۔ ان دہشت گردوں کا دین اسلام، پاکستان اور بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ دہشت گردوں نے مسافروں کو ٹولیوں میں بٹھایا ہوا تھا اور درمیان میں خودکش بمبار بٹھائے گئے تھے جنہیں سکیورٹی فورسز کے نشانہ بازوں نے ہلاک کیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد افغانستان میں اپنے سہولت کاروں اور ماسٹر مائنڈ سے سیٹلائٹ فون پر رابطے میں تھے۔ ان دہشت گردوں نے بیرونی آقاؤں کے ایماء پر معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا۔ دہشت گردوں اور انکے آقاؤں کا گٹھ جوڑ واضح ہے کہ جیسے ہی واقعہ ہوا بھارتی میڈیا پر پرانی ویڈیوز چلانا شروع کر دی گئیں جبکہ پاکستان میں کچھ سیاسی عناصر بھی پراپیگنڈہ کرتے رہے۔ انکے بقول اقتدار کی ہوس میں کچھ عناصر قومی مفاد کو بھی اپنے مذموم مقاصد کی بھینٹ چڑھا رہے ہیں۔ پاکستان کے باشعور عوام ان تمام چیزوں کو دیکھ رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر گمراہ کن پراپیگنڈا کیا جاتا ہے جبکہ افواج پاکستان روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردوں کیخلاف اپریشن کر رہی ہیں اور قوم کے بہادر بیٹے اپنی جانیں وطن کی عزت و حرمت اور شہریوں کے تحفظ کی خاطر قربان کر رہے ہیں۔ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان فوج نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ کسی بھی حملہ آور کو منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ بدقسمتی سے یہ ارض وطن گزشتہ تین دہائیوں سے ملک کی سلامتی تاراج کرنے کا ایجنڈے رکھنے والے ملک کے بدخواہ اور اندرونی و بیرونی دشمن عناصر کے ہاتھوں انسانی خون میں نہلائی جا رہی ہے۔ پاکستان میں خودکش حملوں اور دہشت گردی کی دوسری وارداتوں کا پس منظر تو امریکی نائن الیون کے بعد افغانستان میں شروع کی گئی امریکی نیٹو فورسز کی جنگ میں پاکستان کا فرنٹ لائن اتحادی بننے کا ہے مگر اس پھیلتی دہشت گردی نے پاکستان کے شروع دن کے دشمن بھارت کو پاکستان کی سلامتی کیخلاف اپنے ایجنڈے کی تکمیل کا نادر موقع فراہم کیا جسے اپنے مذموم مقاصد میں افغان کٹھ پتلی حکمرانوں کی بھی معاونت حاصل ہوگئی چنانچہ ان کیلئے اپنے پالتو دہشت گردوں کو افغان سرزمین پر تربیت دیکر پاکستان میں داخل کرنے کی آسان سہولت بھی حاصل ہوگئی۔ طالبان کی عبوری افغان حکومت نے بھی پاکستان کی سلامتی کیخلاف بھارتی ایجنڈے کی تکمیل کیلئے انکی معاونت کی پالیسی برقرار رکھی اور افغانستان سے انخلاء کے وقت امریکی فوج نے اپنا جو اسلحہ اور گولہ بارود افغان سرزمین پر ہی چھوڑ دیا تھا وہ دہشت گردوں کے ہتھے چڑھ گیا چنانچہ اس اسلحہ کے ذریعے ہی پاکستان کے اندر دہشت گردی کا سلسلہ اب تک جاری ہے جس میں پاکستان کی جانب سے افغان دہشت گرد شریف اللہ کی امریکہ حوالگی کے بعد مزید شدت آگئی ہے اور بالخصوص بلوچستان اور خیبر پی کے ان سفاک دہشت گردوں کے ٹارگٹ پر ہیں جو پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے اور بیرونی دنیا میں پاکستان کا غیر محفوظ ملک کا تاثر اجاگر کرنے کیلئے طالبان حکومت کے قیام سے اب تک یہاں دہشت گردی کی سینکڑوں وارداتیں کر چکے ہیں جن میں بطور خاص پاکستان کی سکیورٹی فورسز، چینی باشندوں، سیاسی و دینی قائدین کو نشانہ بنایا جاتا ہے جبکہ ان گھناؤنی وارداتوں میں بے گناہ عام شہریوں کا زیادہ جانی نقصان ہو رہا ہے۔ پاکستان میں کسی مسافر ٹرین کو اغوا کر کے تمام مسافروں کو یرغمال بنانے کا یہ پہلا واقعہ ہے جس کی امریکہ، برطانیہ، یورپی یونین سمیت پوری دنیا کی جانب سے مذمت کی جا رہی ہے۔

سب سے زیادہ افسوسناک صورتحال یہ ہے کہ پاکستان کی ایک سیاسی جماعت کی قیادت طالبان کے ساتھ دیرینہ تعلقات ہونے کے ناطے انہیں ملک کے اندر اپنے سیاسی ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے کی خاطر استعمال کر رہی ہے جبکہ اس جماعت نے پاکستان کی سلامتی اور ریاستی اداروں کا تشخص خراب کرنے کیلئے اپنے سوشل میڈیا سیل کو بھی متحرک کر رکھا ہے جہاں پاکستان کے قومی مفادات کیخلاف تضحیک آمیز پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ فیک نیوز چلائی جاتی ہیں اور دہشت گردی کے ہر واقعہ پر اپنے ملک دشمن بیانیہ کے تحت پاکستان کیخلاف زہریلا پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ جعفر ایکسپریس کے واقعہ پر جس طرح بھارتی میڈیا اور پاکستان کی مخصوص سیاسی جماعت نے سوشل میڈیا پر پاکستان اور اسکی سکیورٹی فورسز کیخلاف اودھم مچایا اور دہشت گردی کی پرانی وارداتوں کی ویڈیوز کو جعفر ایکسپریس کے ساتھ نتھی کر کے چلایا اس سے یہ حقیقت تو مکمل آشکار ہوگئی ہے کہ دہشت گردی کی اس واردات کیلئے بھارت، افغانستان اور متذکرہ سیاسی جماعت نے باہم ملی بھگت کر رکھی ہے۔

محمد اکرم چوہدری

پاکستان ایک بار پھر دہشت گردی کا بھرپور مقابلہ کر رہا ہے کے پی کے اور بلوچستان کے عوام افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ مقابلہ کر رہے ہیں دشمن دشمنوں کے ایجنڈے کو لے کر ہر طرف سے حملے کر رہے ہیں پاک فوج جانوں کی قربانیاں دے رہی ہے جوان اپنا خون بہا رہے ہیں اس مشکل وقت میں قوم تمام اختلافات کو بھول کے ملک کی سلامتی کے لیے میدان عمل میں ہے۔

خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گرد حملہ ناکام بناتے ہوئے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ٹانک کے علاقے جنڈولہ میں پاک فوج کے قلعہ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 10 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ خودکش حملہ آور نے خود کو قلعہ کے قریب اڑا دیا، حملہ ہوں طرز پر تھا۔

واضح رہے کہ ملک بھر میں حالیہ برسوں میں دہشتگردی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ دوروز قبل (11 مارچ) بھی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور جانے والی ٹرین (جعفر ایکسپریس) پر معلوم دہشت گردوں نے حملہ کر کے مسافروں کو یرغمال بنالیا تھا۔

پاک فوج اور قوم ایک ساتھ

مسلح افراد نے انجن پر راکٹ فائر کیے اور فائرنگ کی جس کی وجہ سے ٹرین رک گئی۔ حکام کا کہنا تھا کہ انجن کا ڈرائیور شدید زخمی ہوا تھا جبکہ سکیورٹی اہلکاروں اور حملہ آوروں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا تھا۔ حملے کے بعد سکیورٹی فورسز کا آپریشن 2 روز جاری رہا اور گزشتہ روز پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا تھا کہ جعفر ایکسپریس کے یرغمالی مسافر بازیاب ہوگئے اور تمام 33 دہشتگرد ہلاک کر دیئے گئے، تاہم آپریشن شروع ہونے سے پہلے دشمن 21 افراد کو شہید کر چکے تھے

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی زیر قیادت افواج پاکستان نے 2024 میں ملک کے لیے شاندار خدمات انجام دیں، دہشت گردوں کے خلاف 59 ہزار 775 کامیاب آپریشنز کیے گئے جس میں خوارج سمیت 925 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع سے جاری بیان کے مطابق خوارج اور دہشت گردوں کے لیے ریاست کی واضح پالیسی کی بدولت رواں سال آپریشنز میں اہم کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سال 2024 کے دوران مجموعی طور پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف 59 ہزار 775 مختلف نوعیت کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے۔ کامیاب آپریشنز کے دوران 925 دہشت گردوں شمول خوارج کو جہنم واصل کیا گیا اور سینکڑوں کو گرفتار کیا گیا، دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے افواج پاکستان، انٹیلی جنس، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے روزانہ کی بنیاد پر 169 سے زائد آپریشنز انجام دے رہے ہیں۔

سال 2024 میں ہونے والے 89 فیصد واقعات اور 94 فیصد اموات خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ہوئیں۔ جو ایک ہزار 616 کے اعداد و شمار کے ساتھ سرفہرست ہے جب کہ بلوچستان 782 اموات کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (سی آر ایس ایس) تھنک ٹینک کی جانب سے جاری کردہ سالانہ سکیورٹی رپورٹ 2024 کے اہم نتائج درج ذیل ہیں۔

رپورٹ کے مطابق 2024 میں ملک میں پرتشدد واقعات کے نتیجے میں 2 ہزار 546 اموات ہوئیں اور 2 ہزار 267 افراد زخمی ہوئے جن میں عام شہری، سکیورٹی اہلکار اور دہشتگرد شامل تھے۔

ہلاکتوں کی یہ تعداد 1166 دہشت گرد حملوں اور انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے نتیجے میں سامنے آئی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ملک کے سلامتی کے لیے یہ سنگین سال رہا۔

گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال کے اعداد و شمار میں زیادہ اضافہ ہوا، جہاں تقریباً 49 فیصد زیادہ (784 کے مقابلے میں ایک ہزار 66) واقعات پیش آئے جس میں 66 فیصد سے اموات (ایک ہزار 533 کے مقابلے میں 2 ہزار 546) اموات ہوئیں جب کہ ان واقعات میں 55 فیصد سے زیادہ (ایک ہزار 462 کے مقابلے میں 2 ہزار 267) افراد زخمی ہوئے۔

خیبر پختونخوا میں اس سال سب سے زیادہ اموات (63 فیصد سے زائد) ریکارڈ کی گئیں، اس کے بعد بلوچستان (31 فیصد) کا نمبر ہے۔

نومبر میں سال کے دیگر تمام مہینوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ حملے (125)، اموات (450) اور زخمی (625) ریکارڈ کیے گئے۔

اس سال ریکارڈ کی جانے والی اموات 9 سال کی بلند ترین سطح ہیں، جو 2016 کی سطح (2 ہزار 432) اور 2015 (4 ہزار 366) کے بعد سب سے زیادہ ہیں۔

مزید برآں، گزشتہ 10 سالوں کے اعداد و شمار 2015 سے 2020 کے درمیان ان واقعات میں کمی کا رجحان دکھائی دیا اور ہر سال اموات میں اوسطاً 33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، 6 سال سے جاری اس گراوٹ کے بعد 2021 میں اس میں دوبارہ اضافہ ہونا شروع ہوا۔

ملک میں پرتشدد واقعات میں 2021 میں 38 فیصد، 2022 میں 15 فیصد، 2023 میں 56 فیصد اور 2024 میں 66 فیصد اضافہ ہوا (2021 کے بعد سے تشدد میں اوسطاً 44 فیصد سالانہ اضافہ) ہوتا آیا ہے۔ افغانستان کی سرحد سے متصل خیبر پختونخوا کے نئے ضم شدہ اضلاع جیسے کرم، شمالی وزیرستان، خیبر میں دہشتگردی کے واقعات میں اموات سب سے زیادہ ریکارڈ کی گئیں۔

خیبر پختونخوا کے دیگر اضلاع جہاں نمایاں اموات ہوئی ہیں ان میں ڈیرہ اسمٰعیل خان، بنوں اور لکی مروت شامل ہیں جب کہ ان اضلاع کے بعد بلوچستان میں کوئٹہ، پنجگور، قلات اور موسیٰ خیل کے اضلاع شامل ہیں۔ اگست 2021 میں اچانک امریکی فوجوں کے افغانستان سے انخلا، اشرف غنی حکومت کے خاتمے، اور طالبان کے چند ہی دنوں میں افغانستان کے بیشتر علاقوں پر قبضہ کرنے کے بعد، پاکستان میں دہشت گردی میں اضافے کے خدشات پیدا ہو گئے تھے۔ عسکری قیادت کے علاوہ عمومی تاثر یہی تھا کہ پاکستان میں نہ صرف دہشت گردی کے واقعات بڑھیں گے بلکہ اس کی شدت بھی پہلے سے کہیں زیادہ ہوگی۔

اور یہی ہوا۔ آج صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ دہشت گردی کے عالمی انڈیکس پر پاکستان دوسرے نمبر پر آ گیا ہے۔ صرف افریقہ کا ملک برکینا فاسو پاکستان سے آگے ہے، جہاں دہشت گردی کی صورتحال اور بھی سنگین ہے۔ اگر دہشت گردی سے متعلق عالمی نقشہ دیکھا جائے تو صرف تین ممالک، برکینا فاسو، پاکستان اور شام بدترین دہشت گردی کا شکار ہیں۔ جبکہ افغانستان، جہاں کبھی دہشت گردی کا دور دورہ تھا، اب نویں نمبر پر ہے۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں حالیہ برسوں میں دہشتگردی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

دوروز قبل (11 مارچ) بھی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور جانے والی ٹرین (جعفر ایکسپریس) پر نامعلوم دہشت گردوں نے حملہ کر کے مسافروں کو یرغمال بنالیا تھا۔ مسلح افراد نے انجن پر راکٹ فائر کیے اور فائرنگ کی جس کی وجہ سے ٹرین رک گئی۔ حکام کا کہنا تھا کہ انجن کا ڈرائیور شدید زخمی ہوا تھا جبکہ سکیورٹی اہلکاروں اور حملہ آوروں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا تھا۔ حملے کے بعد سکیورٹی فورسز کا آپریشن 2 روز جاری رہا اور گزشتہ روز پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا تھا کہ جعفر ایکسپریس کے یرغمالی مسافر بازیاب ہوگئے اور تمام 33 دہشتگرد ہلاک کر دیئے گئے، تاہم آپریشن شروع ہونے سے پہلے دہشتگرد اپنی کاروائی کا آغاز کر چکے تھے

”را“ کی بولی

عبداللہ طارق سہیل

بلوچستان میں ٹرین دہشت گردوں کی نذر ہوگئی۔ بہت خوفناک، دردناک سانحہ تھا اور تشویشناک بھی۔ آج تک دہشت گردوں نے اس نوعیت کی اتنی بڑی واردات پاکستان کیا، دنیا میں کہیں نہیں کی۔ بہت سے بے گناہ شہری اور فوجی جوان شہید ہوگئے۔ پاکستانی فوج نے اپنی صلاحیت اور استعداد سے بڑھ کر اس معاملے سے نمٹا اور تمام دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان تمام مسافروں کو بازیاب کرالیا جو دہشت گردوں کے قبضے میں تھے۔

صورتحال نے سکیورٹی معاملات سے قطع نظر، ہمارے انفراسٹرکچر کی کمزوری کو بھی بے نقاب کر دیا۔ بلوچستان میں ایک ہی ریلوے لائن ہے۔ پاکستان بننے کے بعد ہمارے حکمرانوں نے ایک کے بعد ایک، ریلوے کا تیا پانچہ کیا، کوئی نئی لائن نہیں بچھائی۔ سی پیک کے تحت بلوچستان کے بیچوں بیچ ایک لائن گوادر سے سکھر تک پھنسی تھی، لیکن پورے کے پورے سی پیک ہی کا کریا کرم کر دیا گیا۔ اب یہ ایک لائن ہے، دہشت گرد اسے کاٹ دیں تو صوبے کا رابطہ پورے ملک سے کٹ جاتا ہے۔

بلوچستان میں ٹرین دہشت گردوں کی نذر ہوگئی۔ بہت خوفناک، دردناک سانحہ تھا اور تشویشناک بھی۔ آج تک دہشت گردوں نے اس نوعیت کی اتنی بڑی واردات پاکستان کیا، دنیا میں کہیں نہیں کی۔ بہت سے بے گناہ شہری اور فوجی جوان شہید ہوگئے۔ پاکستانی فوج نے اپنی صلاحیت اور استعداد سے بڑھ کر اس معاملے سے نمٹا اور تمام دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان تمام مسافروں کو بازیاب کرالیا جو دہشت گردوں کے قبضے میں تھے۔

صورتحال نے سکیورٹی معاملات سے قطع نظر، ہمارے انفراسٹرکچر کی کمزوری کو بھی بے نقاب کر دیا۔ بلوچستان میں ایک ہی ریلوے لائن ہے۔ پاکستان بننے کے بعد ہمارے حکمرانوں نے ایک کے بعد ایک، ریلوے کا تیا پانچہ کیا، کوئی نئی لائن نہیں بچھائی۔ سی پیک کے تحت بلوچستان کے بیچوں بیچ ایک لائن گوادر سے سکھر تک پھنسی تھی، لیکن پورے کے پورے سی پیک ہی کا کریا کرم کر دیا گیا۔ اب یہ ایک لائن ہے، دہشت گرد اسے کاٹ دیں تو صوبے کا رابطہ ملک بھر سے پھر بھی رہتا ہے کہ دسیوں ریلوے لائنیں ہر صوبے کو جاتی اور آتی ہیں۔

بلوچستان میں تو سڑکیں بھی نہیں ہیں۔ اس لیے پر پتہ چلا کہ ریلوے لائن پر جس جگہ دہشت گردی ہوئی، وہاں سے قریب ترین سڑک 24 کلومیٹر دور ہے۔ ایسا تو دنیا بھر میں کہیں نہیں ہوتا جیسا بلوچستان میں ہے۔ سڑکیں تک نہیں ہیں۔ بلوچستان کی باپ پارٹی جو اب پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے چولے میں آ گئی ہے، اربوں کھربوں کے سرکاری فنڈ کھا گئی، ایک گز سڑک بھی پورے صوبے میں نہیں بچھائی۔

پاکستانی فوج نے جس طرح دہشت گردی کے اس واقعے سے نمٹا اور جس انداز سے لوگوں کو بچایا، اس پر اس کی تعریف لازم ہے لیکن تعریف کیا، یہاں الٹا اس پر تنقید کی گئی۔ ایسی ہی تنقید بھارتی میڈیا پر بھارت کے ریٹائرڈ فوجی افسر اور بی جے پی کے ”کارسیوک“ صحافی بھی پاکستانی فوج پر کرتے رہے اور اس کا مذاق اڑاتے رہے۔ تنقید کا متن اور انداز ایسا تھا کہ پتہ ہی نہیں چلتا تھا کہ بھارتی کون ہے اور ہمارے ہاں کے نام نہاد پاکستانی کون۔ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا نے تو اس بارے میں عملی بے لباسی اختیار کی۔ دبئی میں بیٹھا پی ٹی آئی کا ایک ”انٹرنیٹر“ تو تمام حدیں پھلانگ گیا، فوج کو خوب گالیاں دیں اور پھر بھارت کے ریٹائرڈ جرنیل بخشی کو لے آیا اور کہا، دیکھو، یہ بھی وہی کہہ رہا ہے جو میں کہہ رہا ہوں۔

یہ انٹرنیٹر 9 مئی کے روز لاہور کے جناح ہاؤس میں موقع پر موجود تھا، رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، پھر چھوڑ دیا گیا۔ وہی رموز مصلحت ملک خسرواں دانند والی بات ہوئی۔ اب دبئی میں بیٹھ کر ”را“ کی ڈیوٹی کر رہا ہے۔ بالکل سچ ہے کہ یہ لوگ اور ان کی ساری پارٹی را کا فرنچائزڈ پراجیکٹ ہے۔ انہیں بھاگنے دیا گیا اب کوئی امریکہ تو کوئی کینیڈا میں بیٹھ کر پاکستان کو ڈس رہا ہے۔

بلوچستان کی صورت حال کے حوالے سے قوم پرست رہنما اختر مینگل نے ایک خطرناک ٹویٹ کیا ہے۔ اس میں حد سے زیادہ مایوسی ظاہر کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ معاملہ ہاتھ سے اس حد تک نکل چکا ہے کہ ہم جیسے لوگ بھی اب ملک اور ریاست کی مدد نہیں کر سکتے۔

اس ٹویٹ سے پورا اتفاق نہیں کیا جا سکتا لیکن اسے یکسر مسترد کرنا بھی غیر دانشمندی ہوگی۔ لیکن امید ہے بلکہ کہنا چاہیے کہ انشاء اللہ ہم یہ غیر دانشمندی ضرور کریں گے۔

بلوچستان کے قوم پرست چاہے پشتون ہوں یا بلوچ، ریاست پاکستان کے وفادار، وفاق کے حامی اور آئین کا احترام کرنے والے ہیں لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا پر نخواہ اندیشہ ہائے بے بنیاد میں مبتلا ہو کر پریشانی مول لینے کی ضرورت نہیں محترمہ!

یہ غدشہ اوروں کو بھی ہے حتیٰ کہ گنڈاپور کو بھی۔ کل پرسوں کی بات ہے، پی ٹی آئی کے ایک ”کثیر الاشاعت“ ولاگر نے اپنے ولاگ میں بتایا کہ مرشد نے کہا ہے، باہر آتے ہی گنڈاپور سے نہ صرف وزارت علیاء چھین لوں گا بلکہ اسے پارٹی سے بھی نکال دوں گا۔

سنا ہے گنڈاپور تک یہ اطلاع پہنچی تو انہوں نے مونچھوں کو سنوارا، بل دیئے، پھر مسکرائے، پھر ہنسے اور پھر کہا کہ

نومن تیل ہوگا تبھی سیتا ناچے گی

کسی نے اصلاح کی، سیتا نہیں، رادھا۔ بولے ایک ہی بات ہے۔

ڈیڑھ جماعتی گرینڈ الائنس کا حجم بڑھانے کیلئے پی ٹی آئی کا مولانا فضل الرحمن کی جماعت سے پھر رابطہ ہوا ہے۔ اس رابطے کی خبر ایک قومی روزنامے میں چھپی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ جیل میں مرشد کو ملاقات کی تفصیل سے آگاہ کیا گیا جس پر مرشد نے مایوسی سے سر ہلایا۔

مایوسی میں سر ہلانا ضروری نہیں لیکن بعض لوگ پھر بھی سر ہلا دیتے ہیں اور کبھی کبھار سر خود بھی ہل جاتا ہے۔

بہرحال، خبر میں مزید تفصیل نہیں ہے البتہ ادھر ادھر کے ذرائع کے مطابق تعاون کیلئے مولانا نے ایک شرط یہ لگائی ہے کہ کے پی الیکشن کا آڈٹ کروایا جائے۔ لو۔ کوئی بتلائے کہ ہم کروائیں کیا اور کریں کیا۔

دہشتگردوں کا اسلام، پاکستان یا بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں

فرحت عباس شاہ

جعفر ایکسپریس کو اغوا کر کے 21 معصوم مسافروں کو شہید کرنیوالے 33 دہشت گرد درندوں کو پاکستان سکیورٹی فورسز نے بالآخر جہنم واصل کر دیا۔ بلوچوں کے نام پر درندگی اور حیوانیت کا مظاہرہ کرنے والے بھیڑیوں کو نہ صرف بلوچستان کے عوام نے نفرت کا مستحق قرار دیا بلکہ دنیا بھر کی مہذب اقوام، ممالک اور افراد نے بھی ان کی قرار واقعی مذمت کی۔ البتہ تحریک انصاف اور بھارتی میڈیا ایک جیسا رہا بھٹکتے رہے۔ بلوچستان میں ہونے والی اس دہشت گردی کے پس پردہ محرکات میں سب سینمایاں محرک گوادر پورٹ اور وہاں موجود قدرتی وسائل ہیں۔ جن پر جاری معاشی اور کاروباری منصوبوں کی کامیابی سے صاف دکھائی دینے والے روشن مستقبل کی تکلیف ہے جو انسان دشمن اور پاکستان دشمن درندوں کے لیے برداشت کرنا ناممکن ہو چلا ہے۔ قدم قدم پر پاکستان سے دشمنی نبھائے چلے جانے والے بھارت کو ایک لمحہ چین نہیں کہ وہ پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوئی سازش نہ کرے یا دشمنی کا کوئی موقع ضائع نہیں کہ وہ پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوئی سازش نہ کرے یا دشمنی کا کوئی موقع ضائع کر دے۔ دوسری طرف ہمارے اپنے بھی بھارت سے کم ثابت نہیں ہو رہے جن کو اب اپنے کہتے ہوئے بھی ندامت محسوس ہوتی ہے۔ بھارت کی زبان سے زبان، الفاظ سے الفاظ اور لہجے سے لہجہ ملا کر جعفر ایکسپریس کے اغواء اور مسافروں کو یرغمال بنانے کی ظالمانہ واردات میں انٹیلی جنس اداروں پر مذموم الزام تراشی کرنا اور ریاستی سکیورٹی اداروں کے خلاف زہریلا پراپیگنڈا پھیلانا لاعلق افتخار کام سمجھ کر کیا گیا ہے۔ بلکہ سیاست سے بے بہرہ لوگ اقتدار کی خاطر صرف اسٹیبلشمنٹ کی دشمنی میں ہر اس کام پر بغلیں بجاتے ہیں جس میں پاکستان کو کوئی نقصان یا گزند پہنچتی ہے۔ یہ کہاں کی سیاست ہے جس میں یہ سب کھل کے سامنے آ چکا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ بہانہ، پاکستان نشانہ۔ جعفر ایکسپریس کے سانحے جیسی، بہیمانہ واردات پر ان کے ٹائیگرز اور کی بورڈ وارئیرز بھی دہشت گردوں کی طرف جا کھڑے ہوئے ہیں۔ پاکستان کے عوام نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا ہے کہ ملک کو کمزور اور عوام کو ذہنی طور پر مفلوج بنانے کے ایجنڈے پر قائم انسانیت دشمن عناصر مظلوموں کی لاشوں پر سیاست کرنے سے باز ہی نہیں آ رہے۔ ان حالات و واقعات میں عام شہریوں اور میڈیا سمیت ہر ادارے اور ہر طبقے کو لمحہ بلمحہ یہ خیال رکھنا ہوگا کہ حالات کا معروضی جائزہ لے کر بڑی احتیاط سے بات کی جائے تاکہ ہمارے آپسی بحث مباحثے سے دشمن کو فائدہ نہ پہنچے۔ اس وقت جو کچھ انتشاری ٹولہ کر رہا ہے بھارت، افغانستان اور ان جیسے دشمن من و عن یہی چاہتے ہیں۔ اندریں حالات ہر باشعور اور محب وطن شہری کی ذمہ داری اور بڑھ جاتی ہے کہ کم از کم ہم کسی کے منفی پراپیگنڈے کا شکار نہ ہوں اور شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہ جانے دیں۔

کسے نہیں پتہ کہ انٹیلی جنس ادارے ریاست کی حفاظت کے لیے دن رات کام کرتے ہیں۔ ان کا مقصد دشمن کے ناپاک عزائم کا پتہ چلانا اور ان کے منصوبوں کو ناکام بنانا ہے۔ تاہم یہ بھی بکھرا حالات ایسے پیچیدہ ہو سکتے ہیں کہ کسی حملے یا واردات کی پیشگوئی کرنا یا قبل از وقت دہشت گردی کو روکنا مشکل ہو جاتا ہے۔ دہشت گرد گروہ یا دیگر دشمن عناصر زیادہ پیچیدہ اور تیز طریقوں سے کارروائیاں کرتے ہیں، جس کی وجہ سے انٹیلیجنس اداروں کو ان کے عزائم کا پتہ چلانے میں وقت لگ سکتا ہے۔ ایسا یوکے، آسٹریلیا اور امریکہ جیسے دنیا کے بڑے بڑے ترقی یافتہ ممالک میں بھی دیکھنے میں آیا ہے۔ اگر سوچا جائے تو پاکستانی سکیورٹی اداروں نے ہمیشہ پاکستان کی معاشی استعداد اور سیاسی توقعات سے بڑھ کر ہی کارکردگی دکھائی ہے۔ ملک و قوم کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے جتنے افواج پاکستان نے پیش کیے ہیں پوری دنیا میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ لیکن قربانی اور ایثار کی اس بھی تاریخ کے اظہر من الشمس ہونے کے باوجود الزامات لگانا محض ذاتی مفادات کی جنگ ہے۔ اس بے بنیاد پروپیگنڈے کا مقصد عوام میں مایوسی اور نفرت پیدا کرنا ہے۔ جب عوام میں یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ سکیورٹی ادارے اپنا کام صحیح طور پر نہیں کر رہے یا وہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہیں، تو اس کا براہ راست اثر ملک کی یکجہتی اور قومی مفاد پر پڑتا ہے۔ ایسی صورتحال میں دشمن عناصر کو فائدہ پہنچتا ہے جو ملک کے اندر انتشار پھیلانا چاہتے ہیں۔

اس قسم کے مسائل کو حل کرنے کے لیے قوم کو ایک مضبوط اور متحد موقف اختیار کرنا ہوگا، دشمن کے پروپیگنڈے سے بچنا ہوگا اور اپنے سکیورٹی اداروں پر اعتماد رکھنا ہوگا، جو ہماری حفاظت کے لیے انتہائی محنت کر رہے ہیں۔ ان کے کام کو شک کی نظر سے دیکھنا نہ صرف غلط ہے بلکہ یہ ہماری قومی یکجہتی اور امن کے لیے خطرہ بھی بن سکتا ہے۔ جعفر ایکسپریس کو اغوا کر کے 21 معصوم مسافروں کو شہید کرنیوالے 33 دہشت گرد درندوں کو پاکستان سکیورٹی فورسز نے بالآخر جہنم واصل کر دیا۔ بلوچوں کے نام پر درندگی اور حیوانیت کا مظاہرہ کرنے والے بھیڑیوں کو نہ صرف بلوچستان کے عوام نے نفرت کا مستحق قرار دیا بلکہ دنیا بھر کی مہذب اقوام، ممالک اور افراد نے بھی ان کی قرار واقعی مذمت کی۔ البتہ تحریک انصاف اور بھارتی میڈیا ایک جیسا رہا بھٹکتے رہے۔ بلوچستان میں ہونے والی اس دہشت گردی کے پس پردہ محرکات میں سب سینمایاں محرک گوادر پورٹ اور وہاں موجود قدرتی وسائل ہیں۔ جن پر جاری معاشی اور کاروباری منصوبوں کی کامیابی سے صاف دکھائی دینے والے روشن مستقبل کی تکلیف ہے جو انسان دشمن اور پاکستان دشمن درندوں کے لیے برداشت کرنا ناممکن ہو چ

بقیہ 1

12 ہزار سے زائد گاڑیاں فروخت کی گئیں۔ ذرائع کے مطابق فروری میں 12 ہزار 84 گاڑیاں فرخت ہوئیں۔ پاکستان آٹومو ٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے مطابق رواں مالی سال آٹھ ماہ میں 9 8 ہزار 770 گاڑیاں فروخت ہوئیں۔ گاڑیوں کے ڈیلر فہد نظیر نے کہا ہے کہ بلند شرح سود کی وجہ سے گاڑیوں کی مارکیٹ زیرو ہوگئی تھی۔ اقتصادی تجزیہ کاروں کے مطابق درآمدی گاڑیوں پر ٹیکس کا مقصد مقامی آٹو انڈسٹری کی سپورٹ ہے، جبکہ قرضوں پر بلند شرح سود کی وجہ سے لوگوں نے اپنا سرمایہ جیکوں میں رکھنے کو ترجیح دی۔ آٹو ڈیلرز کا کہنا ہے اب ڈیوٹی میں کمی کے بعد درآمدی اور مقامی دونوں گاڑیوں کی فروخت بڑھ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق آٹوسیکٹر پر امید ہے کہ کم شرح سود بڑھتی ہوئی ترسیلات زر، مستحکم شرح تبادلہ گرتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے جون تک کاروں کی مجموعی فروخت تیز رہے گی۔

بقیہ 2

کھپت و رسد اور مقررہ قیمتوں پر عام آدمی کو فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، رانا تنویر حسین، احمد خان چیمہ، علی پرویز ملک، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام کے ساتھ ساتھ چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو چینی کی کھپت و رسد اور موجودہ قیمتوں کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا، وزیر اعظم نے کہا ہے کہ چینی ذخیرہ کرنے، قیمتوں پر سٹہ کھیل کر اس میں مصنوعی اضافے کی کسی کو ہرگز اجازت نہیں دیں گے، ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ شہباز شریف نے چینی کی کھپت اور رسد پر کڑی نظر رکھنے اور متعلقہ حکام کو شوگر ملوں کے ساتھ چینی کی کھپت و رسد کی نگرانی کیلئے روابط مربوط کرنے کی ہدایت کردی۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں چینی کی وافر مقدار موجود ہے، مصنوعی طور پر بحران کی فضا پیدا کرنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لایا جائے، رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عام آدمی کا مافیا کے ہاتھوں قطعاً استحصال نہیں ہونے دیں گے۔ دوران اجلاس وزیر اعظم نے چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز کو چینی کی مقررہ قیمت پر عوام کو فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔

بقیہ 3

یوسف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر جانے انجانے میں پوسٹ شیئر ہو جاتی ہے، پھر وہ مصیبت بن جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ختم نبوت پر جو یقین نہیں رکھتا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، اس پر کوئی دو رائے نہیں۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ مذہب کے معاملے پر کوئی جبر نہیں، پاکستان میں سب کو اپنے اپنے عقائد پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں اقلیت کا احترام ہے وہیں اکثریت کا بھی احترام کیا جائے، تو تین صحابہ و اہل بیت مل دونوں ایوانوں سے منظور ہوا تھا لیکن معلوم نہیں وہ اس وقت کہاں ہے۔ سردار یوسف نے کہا کہ اگر وہ بل واپس آئے گا تو مشترکہ اجلاس سے منظور ہوگا لیکن تاحال یہ علم نہیں ہے کہ وہ بل اس وقت کہاں اور کس پوزیشن پر ہے۔

بقیہ 4

دہشت گردوں کے پاس غیر ملکی اسلحہ اور آلات موجود تھے، آپریشن میں بازیاب ہونے والے مسافروں کو خوراک مہیا کی گئی اور فورسز کی نگرانی میں محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا، دہشتگردوں نے 24 گھنٹے کے دوران کئی یرغمالیوں کو شہید کیا، جعفر ایکسپریس پر حملے میں 18 سیکیورٹی اہلکاروں سمیت 26 افراد شہید ہوئے، شہادتیں آپریشن شروع کیے جانے سے قبل ہوئیں، 354 یرغمالیوں کی زندہ بازیاب کروایا گیا ہے جن میں 37 زخمی بھی شامل ہیں، جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد بھارتی میڈیا جعلی اے آئی ویڈیوز کے ذریعے پروپیگنڈا کرتا رہا اور دہشت گردوں کی پروپیگنڈا ویڈیوز دنیا کو دکھاتا رہا، پچھلی حکومت نے نظر ثانی شدہ نیشنل ایکشن پلان دیا تھا۔ جمعہ کو جعفر ایکسپریس پر حملے کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ دہشت گردوں نے منظم انداز میں کارروائی کی، جعفر ایکسپریس واقعہ انتہائی دشوار گزار علاقے میں پیش آیا، ٹرین سے پہلے دہشت گردوں کی بڑی تعداد نے ایف سی چیک پوسٹ پر حملہ کیا، جہاں ایف سی کے 3 جوان شہید ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں نے آئی ای ڈی کی مدد سے ریلوے ٹریک کو دھماکے سے اڑایا اور مسافروں کو ٹرین سے اتار کر ٹولیوں میں تقسیم کیا، سوشل میڈیا پر ٹرین واقعے کی اے آئی سے جعلی ویڈیوز بنائی گئیں، بھارتی میڈیا جعلی اے آئی ویڈیوز کے ذریعے پروپیگنڈا کرتا رہا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ جعلی ویڈیوز کے ذریعے پاکستان کے خلاف بیانیہ بنانے کی کوشش کی گئی، بھارتی میڈیا نے جھوٹی ویڈیوز سے ملکی تشخص خراب کرنے کی کوشش کی۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ دہشت گردوں نے 11 مارچ کی رات یرغمالیوں کے ایک گروپ کو لسانی بنیاد پر چھوڑا، جس کی کچھ لاجسٹک وجوہات تھیں کیونکہ اتنے لوگوں کو قابو نہیں کیا جاسکتا، دوسرا یہ کہ انہیں خود کو انسانیت دوست ہونے کا تاثر دینا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں نے اپنے کچھ ساتھیوں کو ٹرین پر چھوڑا اور ایک بڑی تعداد پہاڑوں میں اپنے ٹھکانوں کی جانب چلی گئی، جن کی نگرانی کرنے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے انہیں نشانہ بنا کر ختم کیا اور ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق دہشت گردی کی پوری کارروائی کے دوران دہشت گردی افغانستان میں اپنے ہینڈلر سے مسلسل رابطے میں تھے، انہوں نے بتایا کہ 12 مارچ کی صبح ہماری فورسز نے اسنائپرز کے ذریعے دہشتگردوں کو نشانہ بنایا تو یرغمالیوں کا ایک گروپ دہشتگردوں کے چنگل سے بھاگ نکلا، جنہیں ایف سی کے جوانوں نے ریسکیو کیا جبکہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے کچھ یرغمالی شہید بھی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ 12 مارچ کی دوپہر آپریشن سروسز گروپ (ایس ایس جی) کی ضرار کمپنی نے آپریشن کی کمان سنبھالی اور یرغمالیوں کے درمیان موجود خودکش بمباروں کو اسنائپر کی مدد سے نشانہ بنایا تو یرغمالیوں کو پھر بچ نکلنے کا موقع ملا اور دہشت گردوں کے نرغے سے نکل مختلف سمتوں میں بھاگ نکلے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ ٹرین کے باہر سے یرغمالی فرار ہونے میں کامیاب ہوئے تو ایس ایس جی کی ضرار کمپنی کے جوان انجن کے راستے ٹرین میں داخل ہوئے بوگی بہ بوگی پوری ٹرین کو دہشت گردوں سے پاک کیا اور یرغمالی بنائے گئے خواتین اور بچوں کو ریسکیو کیا۔ انہوں نے بتایا کہ آپریشن اس قدر مہارت سے کیا گیا کہ پوری کارروائی کے دوران کسی معصوم یرغمالی کی جان نہیں گئی، جو شہادتیں ہوئیں وہ آپریشن شروع کیے جانے سے قبل ہوئیں، دہشتگردوں نے 24 گھنٹے کے دوران کئی یرغمالیوں کو شہید کیا تاہم آپریشن ضرار کمپنی کی جانب ایک اسنائپر کا فائر آیا تھا، بعدازاں مذکورہ دہشت گرد کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ دہشت گردوں کے پاس غیر ملکی اسلحہ اور آلات موجود تھے، آپریشن میں بازیاب ہونے والے مسافروں کو خوراک مہیا کی گئی اور فورسز کی نگرانی میں محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا، دہشتگردوں نے 24 گھنٹے کے دوران کئی یرغمالیوں کو شہید کیا، جعفر ایکسپریس پر حملے میں 18 سیکیورٹی اہلکاروں سمیت 26 افراد شہید ہوئے، شہادتیں آپریشن شروع کیے جانے سے قبل ہوئیں، 354 یرغمالیوں کی زندہ بازیاب کروایا گیا ہے جن میں 37 زخمی بھی شامل ہیں، جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد بھارتی میڈیا جعلی اے آئی ویڈیوز کے ذریعے پروپیگنڈا کرتا رہا اور دہشت گردوں کی پروپیگنڈا ویڈیوز دنیا کو دکھاتا رہا، پچھلی حکومت نے نظر ثانی شدہ نیشنل ایکشن پلان دیا تھا۔ جمعہ کو جعفر ایکسپریس پر حملے کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ دہشت گردوں نے منظم انداز میں کارروائی کی، جعفر ایکسپریس واقعہ انتہائی دشوار گزار علاقے میں پیش آیا، ٹرین سے پہلے دہشت گردوں کی بڑی تعداد نے ایف سی چیک پوسٹ پر حملہ کیا، جہاں ایف سی کے 3 جوان شہید ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں نے آئی ای ڈی کی مدد سے ریلوے ٹریک کو دھماکے سے اڑایا اور مسافروں کو ٹرین سے اتار کر ٹولیوں میں تقسیم کیا، سوشل میڈیا پر ٹرین واقعے کی اے آئی سے جعلی ویڈیوز بنائی گئیں، بھارتی میڈیا جعلی اے آئی ویڈیوز کے ذریعے پروپیگنڈا کرتا رہا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ جعلی ویڈیوز کے ذریعے پاکستان کے خلاف بیانیہ بنانے کی کوشش کی گئی، بھارتی میڈیا نے جھوٹی ویڈیوز سے ملکی تشخص خراب کرنے کی کوشش کی۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ دہشت گردوں نے 11 مارچ کی رات یرغمالیوں کے ایک گروپ کو لسانی بنیاد پر چھوڑا، جس کی کچھ لاجسٹک وجوہات تھیں کیونکہ اتنے لوگوں کو قابو نہیں کیا جاسکتا، دوسرا یہ کہ انہیں خود کو انسانیت دوست ہونے کا تاثر دینا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں نے اپنے کچھ ساتھیوں کو ٹرین پر چھوڑا اور ایک بڑی تعداد پہاڑوں میں اپنے ٹھکانوں کی جانب چلی گئی، جن کی نگرانی کرنے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے انہیں نشانہ بنا کر ختم کیا اور ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق دہشت گردی کی پوری کارروائی کے دوران دہشت گردی افغانستان میں اپنے ہینڈلر سے مسلسل رابطے میں تھے، انہوں نے بتایا کہ 12 مارچ کی صبح ہماری فورسز نے اسنائپرز کے ذریعے دہشتگردوں کو نشانہ بنایا تو یرغمالیوں کا ایک گروپ دہشتگردوں کے چنگل سے بھاگ نکلا، جنہیں ایف سی کے جوانوں نے ریسکیو کیا جبکہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے کچھ یرغمالی شہید بھی ہوئے۔

بقیہ 5

فورسز کو کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کا یرغمالیوں کی رہائی کو ممکن بنانا قابل تعریف ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بدامنی پھیلانے والے عناصر سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی، علیحدگی پسندوں سے دہشت گردوں جیسا برتاؤ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جعفر ایکسپریس پر حملے کی مذمت کرنے پر امریکا، چین، روس، برطانیہ، ایران، ترکی، اردن، متحدہ عرب امارات، بحرین، یورپ، اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹری اور یورپی سفیر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا بلوچ روایات میں اس طرح واقعات کو اس نظر سے دیکھا جاتا ہے جس کا بلوچ روایات سے کوئی تعلق نہیں، بلوچ روایتوں کے امین ہیں مگر دہشت گردوں نے ان تمام روایات کو پامال کر دیا ہے، اس لیے میں کہتا ہوں انہیں بلوچ نہ کہا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح اسلام کے نام پر دہشت گردی کرنے والے خوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے، اسی طرح بلوچیت کے نام پر دہشت گردی کرنے والوں کا بلوچیت سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس لڑائی کا بلوچیت اور حقوق سے کوئی تعلق نہیں ہے، یہ خالصتاً شیطانی قوتیں اور دہشتگرد ہیں، جو پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کر کے اسے توڑنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 6

اور درخواستیں اب آن لائن بھی جمع کرائی جاسکیں گی، 17 مارچ 2025ء سے سپریم کورٹ میں ڈیجیٹل فائلنگ کا آغاز ہوگا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ میں ای فائلنگ سے عدالتی نظام میں مزید شفافیت آئے گی۔

بقیہ 7

میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم نے بلوچستان میں جعفر ایکسپریس ٹرین پر حالیہ دہشت گردانہ حملے کی اظہار تعزیت پر یورپی یونین کی سفیر کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم نے ملک سے دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات ہیں اور ان تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کی یورپی یونین کے ساتھ تعاون پر مبنی شراکت داری، بالخصوص جی ایس پی پلس اسکیم جس نے اپنے آغاز سے ہی پاکستان اور یورپی یونین کو بھرپور فائدہ پہنچایا، کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے انسانی حقوق سمیت پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے ملکی میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پہلے پاکستان۔ یورپی یونین کے اعلیٰ سطح بزنس فورم کے انعقاد کو خیر مقدم کیا اور یورپی یونین کی سفیر کو اس تقریب کو کامیاب بنانے میں پاکستان کے مکمل تعاون اور سہولت کا یقین دلایا۔ یورپی یونین کی سفیر نے وزیر اعظم کو یورپی یونین کے وفود کے حالیہ پاکستان کے دوروں کے ساتھ ساتھ آئندہ دوروں کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

بقیہ 8

عمل میں لائی گئی ہیں جس کا مقصد اوگرا کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور فیلڈ افسر صف کو مضبوط بنانا ہے تاکہ صارفین کو جیل، گیس اور ایل پی جی کی باقاعدہ فراہمی، سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد اور احتسابی تدابیر کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنایا جاسکے۔ ترجمان اوگرا کے مطابق ترقی پانے والے افسران میں ٹیکنیکل، لیگل، فنانس، آئی ٹی اور جنرل کیڈر کے افسران اور اسٹاف کے نمائندے شامل ہیں، اوگرا افسران، جن میں جہانزیب انور، عزیز اللہ گاگر، حماد پیرزادہ، صہیب اختر اور سلمان احمد شامل ہیں، کو بالترتیب پشاور، ملتان، لاہور، سکھر اور کوئٹہ میں بطور ریجنل ہیڈ تعینات کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں، کراچی، لاہور، سکھر، کوئٹہ، ملتان، راولپنڈی، اسلام آباد اور پشاور میں اوگرا کے تجربہ کار اور سینئر افسران کو ریجنل ہیڈ مقرر کیا گیا ہے۔ اوگرا میں افسران اور اسٹاف کی حالیہ ترقیوں اور تقرریوں سے ملک بھر میں صوبائی اور ضلعی انتظامیہ سے روابط مزید مستحکم ہوں گے اور باہمی تعاون کے ذریعے حفاظتی اقدامات کے نفاذ کو یقینی بنایا جائے گا۔ عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے، اوگرا مستقبل میں بھی ایسے مثبت اقدامات اور فیصلے جاری رکھے گا۔

بقیہ 9

قوانین منظور جبکہ اپوزیشن کی تمام ترامیم مسترد کر دی گئیں، اسپیکر نے رولنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جس تحریک التوائے کار کا جواب ہوگا متعلقہ وزیر یا پارلیمانی سیکرٹری اجلاس کے دوران غیر حاضر نہیں ہوگا جبکہ اسپیکر نے سابقہ 180 تحاریک التوائے کار کو قائمہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت کی بجائے صرف 10 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر ملک محمد احمد خان کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں جمعرات کے روز بیجنگ انڈر پاس میں پیش آنے والا واقعہ کی گونج سنائی دی گئی اور اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اسے افسوسناک قرار دیا۔ اسپیکر نے کہا کہ ڈالہ اور گارڈز والے کلچر کا خاتمہ کرنا ہوگا، ایک غیر ملکی وفد کے ساتھ موجود گارڈز نے کھلے عام شہری کو مارا اور فائر کھول دیا، گن والا کلچر عوام کی نفرت کا باعث بن رہا ہے، شہری سہمے ہوئے ہیں، چار، چار چھ، چھ لوگ گاڑیوں میں بیٹھے ہیں اس پروٹوکول کی کیا ضرورت ہے۔ اسپیکر نے مزید کہا کہ کچھ میں ڈاکوؤں کے معاملہ پر آئی جی پنجاب سے بات کی ہے، اس علاقے میں ترقیاتی کام، کالجز، لوگوں کو نوکریاں، بڑی سرمایہ کاری کرنا ہوگی وگرنہ یہ جرائم سلگتے رہیں گے، امن وامان کے لئے پولیس قربانیاں دے رہی ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ بینہ نے محکمہ بہبود آبادی کا محکمہ ختم کر کے اسے محکمہ صحت میں ضم کر دیا ہے، اس کے سوالات آئندہ نشست میں لیں گے۔ اپوزیشن رکن و چیف وہپ رانا شہباز نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چودہ کروڑ روپے جھاڑوؤں کی مد میں لئے گئے ہیں، ایسا نہ ہو کل کیسز کھل جائیں، ہماری تحصیل میں صفائی تب ہوتی ہے جب آندھی آتی ہے۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ستر سال بعد دیہاتوں کی سنی گئی ہے۔ چیئرمین نے کہا کہ اگر ایوان کا بزنس روک کر تحریک التوائے کار پر عملدرآمد کرنا ہے تو اہم عوامی مسئلہ ایوان میں لائیں، جو ارکان کابینہ کا حصہ ہیں وہ ایوان میں زیر بحث ایشوز میں دلچسپی نہیں دکھاتے، وزیر قانون اور وزیر پارلیمانی امور ایوان کی کارروائی میں دلچسپی لیں، روایات کا قتل نہ کیا جائے بلکہ حفاظت کی جائے، چار سو تحاریک التوائے کار کے جوابات آچکے ہیں جن ارکان کا بزنس ہے تمام اراکین کو تحریک التوائے کار کی پی پوسٹل سروس سے بھیجی جائے گی، ایک سو اسی تحاریک کے جوابات وزراء نے آٹھ ماہ سے ایک سال تک نہیں دیئے، یہ غیر مناسب رویہ ہے، اگر توجہ نہ دی گئی تو حکومت کو شرمندگی ہوگی، آئندہ قائمہ کمیٹی میں تحاریک التوائے کار کو بھی بھیجا جائے گا جہاں وزیر جوابدہ ہوں گے۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے رولنگ دی کہ جس تحریک التوائے کار کا جواب ہوگا تو متعلقہ وزیر یا پارلیمانی سیکرٹری اجلاس کے دوران غیر حاضر نہیں ہوگا۔ اجلاس میں وزیر قانون نے تحریک التوائے کار کے جوابات ڈیجیٹل طریقے سے دینے کی تجویز دیدی اور کہا کہ ونس ایپ بنا کر متعلقہ وزیر سے تحریک التوائے کا جواب مانگ لیں، اس کے لئے وزراء کا ونس ایپ گروپ بنائیں۔ اسپیکر نے کہا کہ سارے بزنس کو قانون کے مطابق ہاؤس میں نہیں آنا پڑتا تو ڈیجیٹل طریقے سے وزرا تک پہنچ جائے۔ سمیع اللہ خان نے کہا کہ وزراء ڈیجیٹل لائبریریں ہیں تو ان کی ٹریننگ کریں، اگر کوئی محکمہ اپنی نااہلی سے تحریک التوائے کار جواب نہیں دیتا تو تجویز ہے مقررہ وقت کے بعد اسے قائمہ کمیٹی میں بھیجا جائے۔ اسپیکر نے سابقہ 180 تحاریک التوائے کار کو قائمہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا

بقیہ 10

حوالے سے بنائی گئی ہے آئی ٹی کے سامنے علیمہ خان ذاتی مصروفیات کی وجہ سے پیش نہ ہوئیں۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان لاہور میں ذاتی مصروفیات کے باعث پیش نہ ہوئیں۔ علیمہ خان کی جانب سے ان کے وکیل خالد یوسف چوہدری ہے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوئے۔ ذرائع کے مطابق وکیل نے استدعا کی کہ ہے آئی ٹی میں پیشی کے لیے آئندہ مناسب تاریخ دی جائے۔ ذرائع کے مطابق ہے آئی ٹی کی سربراہی آئی جی اسلام آباد نے کی، علیمہ خان کو 19 مارچ کو دن 12 بجے طلب کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 11

جعفر ایکسپریس کے شہید لانس نائیک عثمان کی نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد کہی۔ نماز جنازہ میں عسکری حکام اور شہریوں کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہید لانس نائیک عثمان کو فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔ شہید کے اہل خانہ کو گورنر پنجاب نے گلے لگایا، دلاسہ دیا اور ان سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاک فوج کو جعفر ایکسپریس ٹرین جیسے دہشتگردی کے منصوبے کو ناکام بنانے پر خراج تحسین اور سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، گورنر ہاؤس میں انہی کے لئے بیٹھا ہوں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کے شہدا کے اہل خانہ کے لئے گورنر ہاؤس کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو اس وقت قومی یکجہتی کی ضرورت ہے جس کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو آگے بڑھ کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ یہ بڑے افسوس اور دکھ کی بات ہے کہ پاکستان کے خلاف انڈیا اور افغانستان جیسے ملکوں میں دہشتگردی جیسے منصوبے بنائے جاتے ہیں جس کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پوری پاکستانی قوم دہشتگردی کی اس جنگ میں پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 12

کی تعلیمات ہیں؟ احسن اقبال نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت انسانیت کے لیے ایک کھلی کتاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں اسلام دشمن قوتیں منفی پروپیگنڈا کر کے نفرت پھیلانا چاہتی ہیں لیکن ہمیں اپنے کردار اور عمل سے اس کا جواب دینا ہوگا، ہمیں خود کو اتنا طاقتور کرنا ہوگا کہ کوئی بھی اسلام کے خلاف بات کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج ہم نام کے مسلمان رہ گئے ہیں جبکہ عملی طور پر دین کی تعلیمات سے دور ہو چکے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ دنیا میں وہی قومیں غالب آتی ہیں جو علم اور انصاف میں آگے ہوتی ہیں۔

بقیہ 13

نے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ پوری انسانیت کے لیے رحمت بن کر آئے، اور ان کی سیرت طیبہ امن، محبت اور رواداری کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گستاخانہ رویوں کی ہر سطح پر مذمت کرتے ہوئے انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ بین الاقوامی سطح پر ایسی قانون سازی کی جائے جو کسی بھی مذہب یا مقدس شخصیات کی توہین کو جرم قرار دے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کا آئین اور قوانین ناموس رسالتؐ کے تحفظ کے ضامن ہیں، اور پارلیمان اس حوالے سے ہر ممکن اقدام اٹھانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے امت مسلمہ پر زور دیا کہ وہ اتحاد اور یکجہتی کے ساتھ اس اہم معاملے پر مشترکہ موقف اپنائے تاکہ کسی کو بھی مذہبی جذبات مجروح کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیرت النبیؐ پر عمل کرنے کی توفیق دے اور ہمیں اپنے پیارے نبیؐ کی عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔

بقیہ 14

نہیں، دونوں کا لعدم تنظیموں کے ہینڈلرز ہمسایہ ملک میں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں میں فرق صرف یہ ہے کہ ایک کی داڑھی ہے اور دوسرے کی داڑھی نہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ جس بہترین انداز میں سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کیا اس کی مثال نہیں ملتی۔ بعد ازاں اسپیکر نے قومی اسمبلی کا اجلاس پیر دوپہر 2 بجے تک ملتوی کر دیا۔

بقیہ 15

کی درخواستوں پر ریکارڈ طلب کر لیا۔ راولپنڈی ڈویژن میں 24 اور 26 نومبر احتجاج کے 29 مقدمات درج ہیں۔ ضمانتیں ملنے کے بعد بی ٹی آئی کارکنوں کی جہلم، اٹک اور اڈیالہ جیل سے رہائی شروع ہوگئی ہے۔ عدالت نے 24 اور 26 نومبر احتجاج کیسز میں ضمانت پانے والے پی ٹی آئی کے 209 کارکنوں کو 50 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک ضمانتی مچلکے جمع کروانے کا بھی حکم دیا۔

بقیہ 16

بڑا شوق ہے۔ زرتاج گل نے کہا کہ اللہ کی مہربانی ہے کہ بلوچستان میں آپریشن کامیاب ہوا ہے، جعفر ایکسپریس میں مسافروں اور مسلح افواج کے جوانوں کی شہادتوں پر ہمارا دل دکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیال یہ تھا کہ حکومت ذمے داری کا مظاہرہ کرے گی۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ خیال تھا کہ جعفر ایکسپریس، بنوں واقعے اور اکوڑہ خٹک پر حکومت قوم کو اعتماد میں لے گی۔ زرتاج گل نے کہا کہ وزیر دفاع ان تمام باتوں پر اعتماد میں لینے کے بجائے پی ٹی آئی کو فتنہ کہنا چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص خود اپنے حلقے سے ریحانہ ڈار سے الیکشن ہار چکے ہوں انہیں خواتین کے بارے میں بات نہیں کرنی چاہیے

بقیہ 17

کہا ہے کہ رمضان کا یہ خوبصورت تہوار ہو گی محبت، امن اور بھائی چارے کی علامت ہے، پاکستان مختلف مذاہب کی برادریوں کا حسین امتزاج ہے، سب کو یکساں حقوق و مواقع میسر ہیں، دعا ہے یہ دن سب کے لیے خوشیوں، محبت اور بین المذاہب ہم آہنگی کا پیغام لے کر آئے۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب صوفیا، محبت اور رواداری کی دھرتی ہے، یہاں ہر مذہب، ہر برادری کو مکمل احترام حاصل ہے، ایسا پنجاب بنا رہے ہیں جہاں ہر شہری خود کو محفوظ، بااختیار اور برابر کا پاکستانی محسوس کرے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب اقلیتوں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، اقلیتی برادری کے افراد کو تعلیم، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات یکساں طور پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ مینارٹی کارڈ کے ذریعے نادرا اقلیتی بچوں کی بیڈ ہولڈنگ کی جا رہی ہے، اقلیتوں کے مذہبی تہواروں کے لیے گرانٹس میں اضافہ کیا گیا ہے، ادارے کے بجٹ میں بھی اضافہ کیا ہے، پنجاب حکومت اقلیتوں کے مذہبی اور ثقافتی تہواروں کو سرکاری سطح پر منانے کا بھی اہتمام کر رہی ہے۔

بقیہ 18

اور اخراج 20 ہزار کیوسک ہے جبکہ دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد 14 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 14 ہزار 400 کیوسک ہے۔ خیرآباد پل پر پانی کی آمد 25 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 25 ہزار 500 کیوسک ہے، دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد 12 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 28 ہزار کیوسک ہے، اسی طرح دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 7 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 3 ہزار 200 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ تربیلا ریزروائر کم از کم آپریٹنگ لیول 1402 فٹ ہے، آبی ذخیرہ گاہ میں پانی کی موجودہ سطح 1404.50 فٹ ہے، ریزروائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور آج قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.012 ملین ایکڑ فٹ ہے۔ منگلا ڈیم کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ ہے، اس کے ریزر وائر میں پانی کی موجودہ سطح 1069.50 فٹ ہے، ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ ہے اور آج قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.111 ملین ایکڑ فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چشمہ بیراج کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ ہے، بیراج میں پانی کی موجودہ سطح 638.15 فٹ ہے جبکہ بیراج میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ ہے۔

بقیہ 19

نے کہا کہ امن و امان، خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی صورتحال پر حکومت اور اداروں کی جانب سے قوم کو اعتماد میں لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بدامنی جیسے اہم مسئلے کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے مولانا عبداللہ ندیم اور دیگر زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 20

اسحاق خان نے مشال یوسفزئی کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے روکنے کے خلاف درخواست پر پہلے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو طلب کیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل بانی پی ٹی آئی سے مل کر آئیں، ان سے پوچھ کر بتائیں مشال یوسفزئی بانی پی ٹی آئی کی وکیل ہیں یا نہیں۔ عدالت نے کہا کہ یہ عدالتی حکم کی توہین ہے جو گزشتہ سماعت پر فریقین کی رضامندی سے ہوا تھا، گزشتہ سماعت پر عدالت نے پیشنر کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا حک

City News

سٹی نیوز

اسلام آباد: چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے کا ایک اہم اجلاس منعقد

تیسری سالانہ بین المذاہب افطار مسجد وزیر خان چوک میں منعقد

تقریب کا مقصد ہم آہنگی، شمولیت اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا تھا

لاہور (نمائندہ) لائف ایٹ لاہور کے زیر اہتمام اور والڈسٹی لاہور اتھارٹی کے ثقافتی ونگ کے تعاون سے تیسری سالانہ بین المذاہب افطار مسجد وزیر خان چوک میں منعقد کی گئی۔ اس تقریب کا مقصد ہم آہنگی، شمولیت اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا تھا، جو پنجاب کے ثقافتی ورثے اور متنوع معاشرتی اقدار کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ پنجاب ہمیشہ سے ایک مشترکہ تہذیب و ثقافت کا حامل رہا ہے، جہاں مسلمان، ہندو، سکھ اور مسیحی برادریاں صدیوں سے بھائی چارے اور محبت کے ساتھ رہتی آئی ہیں۔ پنجاب گلچرڈ کے موقع پر اس بین المذاہب افطار کا انعقاد اس بات کی یاد دہانی ہے کہ یہ سرزمین ہمیشہ محبت، اخوت اور امن کی علامت رہی ہے۔ تقریب میں غیر مسلم کمیونٹی کے افراد نے روزہ داروں میں افطار تقسیم کیا، جو ایک عظیم الشان روایت کی تجدید تھی اور بین المذاہب رواداری، احترام اور بھائی چارے کی ایک منفرد مثال بنی۔ یہ تقریب لائف ایٹ لاہور کے زیر اہتمام منعقد کی گئی، جو ڈیجیٹل ڈویلپمنٹ لیب کا ایک اہم ثقافتی اور شہری شمولیت کا منصوبہ ہے، اور اس میں والڈسٹی لاہور اتھارٹی کے ثقافتی ونگ نے بھرپور تعاون کیا۔ یہ افطار اب بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کی ایک پہچان بن چکا ہے۔

کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر عتیک کی ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے، کنزہ مرتضیٰ کے ہمراہ اجلاس کی صدارت

تحریک جوانان پاکستان کراچی ڈویژن کا ہنگامی اجلاس منعقد

سانحہ جعفر ایکسپریس بلوچستان کے مظلوم شہداء اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جوانان پاکستان چیئرمین عبداللہ حمید گل کی ہدایت پر کراچی ڈویژن کا ایک ہنگامی اجلاس سانحہ جعفر ایکسپریس ضلع بولان بلوچستان کے مظلوم شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے مرکزی سیکرٹریٹ گلشن اقبال میں صدر کراچی ڈویژن شفیق جان درانی کی سربراہی میں منعقد ہوا جسمیں کراچی ڈویژن، ڈسٹرکٹ و ٹاؤنز اور تمام ذیلی تنظیموں (ویمن رائیس و لیبر ونگ، رابطہ کمیٹی اور پبلک ایڈ کمیٹی) کے عہدیداران نے بھرپور انداز میں شرکت کی اور شرکاء اجلاس نے سانحہ جعفر ایکسپریس کے مظلوم شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور پاک فوج کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا بعد ازاں صدر کراچی ڈویژن شفیق جان درانی کی تجویز پر شرکاء اجلاس نے مکمل اتفاق کرتے ہوئے فیصلہ کیا کہ تحریک جوانان پاکستان کراچی ڈویژن صدر شفیق جان درانی کی قیادت میں بھرپور انداز میں اپنی تمام ذیلی تنظیموں بشمول ویمن رائیس و لیبر ونگ، رابطہ کمیٹی اور پبلک ایڈ کمیٹی کے ہمراہ مورخہ 16-03-2025 بروز اتوار بوقت شام چار بجے بمقام کراچی پریس کلب پر مظلوم شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے اور پاک فوج و اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی اور BLA کے دہشت گردوں سے نفرت کے اظہار کیلئے اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کرائے گی

عمر ایوب عبوری ضمانت میں 8 اپریل تک توسیع

انسداد دہشتگردی عدالت کے ڈیوٹی جج ارشد جاوید نے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی ٹومی جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان نذر آتش مقدمات میں عبوری ضمانت میں 8 اپریل تک توسیع کر دی، عدالت نے آئندہ سماعت پر ڈی ایس پی لیگل جاوید آصف مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ڈیوٹی جج ارشد جاوید نے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی ٹومی جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان نذر آتش مقدمات میں عبوری ضمانت میں 8 اپریل تک توسیع کر دی، عدالت نے آئندہ سماعت پر ڈی ایس پی لیگل جاوید آصف مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔

لاہور انتظامیہ کی کاروائی، گراں فروشی پر 2 دکانیں سیل

لاہور (نمائندہ) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر نگرانی رمضان المبارک میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر سخت مانیٹرنگ جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور اسسٹنٹ کمشنرز نے 70 خلاف ورزیوں پر کارروائی کی۔ ڈی سی لاہور کی ہدایت پر گراں فروشی میں ملوث 2 دکانیں سیل کر دی گئیں جبکہ 2 مقدمات بھی درج کیے گئے۔ خلاف ورزی کرنے والوں پر 1 لاکھ 22 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے ہیں۔ ڈی سی لاہور نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں۔

لال پل مغل پورہ میں گرینڈ سحری کا انعقاد

لاہور (نمائندہ) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام لال پل مغل پورہ میں گرینڈ سحری کا شاندار اہتمام کیا گیا، جہاں شہریوں کے لیے وسیع دسترخوان لگایا گیا۔ سحری میں عوام الناس کو بیف قورمہ، کسی، چائے، نان اور سادہ روٹی پیش کی گئی، جسے شہریوں نے بے حد سراہا۔ گرینڈ سحری میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجینئر حارث ڈار، صدر تحصیل شالیمار عمر فاروق گجر، رانا آصف سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی اور عوام کے ہمراہ سحری کی۔

عدالت کا واٹر میٹرز کی تنصیب نہ کرنے پر واسا کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار

لاہور ہائیکورٹ نے واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی نافذ کرنے کا عندیہ دیدیا

لاہور (نمائندہ) لاہور ہائیکورٹ کا واسا کی جانب سے واٹر میٹرز کی تنصیب نہ کرنے پر بھی عدم اطمینان کا اظہار، عدالت نے واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی نافذ کرنے کا عندیہ دیدیا، لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سوگ تدارک سے متعلق شہری ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی، سماعت کے دوران پی ایچ اے، ایل ڈی اے اور محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے رپورٹس عدالت میں جمع کرائی گئیں۔ لاہور ہائی کورٹ نے گرین بلڈنگز بنانے والوں کو ٹیکس میں ریلیف دینے کی تجویز دے دی۔ عدالت نے پی ایچ اے کے کھالے نا چلنے اور واٹر میٹرز کی تنصیب نہ کرنے پر واسا کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے واٹر میٹرز کی تنصیب سے متعلق ایمرجنسی لگانے کا عندیہ دے دیا اور آئندہ جمعہ کو مکمل درآمد رپورٹ طلب کر لی۔ عدالت نے ڈی ایچ اے اور ایل ڈی اے کو تمام بلڈنگ سوسائٹیز میں میاواکی فارسٹ بنانے کی تجویز دی۔ واسا کی جانب سے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی گئی جس میں بتایا گیا کہ پہلے فیز میں واسا ایک ہزار واٹر میٹرز لگا رہا ہے جس پر عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ واٹر میٹرز لگانے کیلئے حکومت کو ایکشن لینا چاہیے اور اس کام کو تیز کریں۔ ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے لوڈر رکشہ اور آٹو رکشہ سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کروائی گئی۔ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو آگاہ کیا کہ اٹھارہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے ساتھ میٹنگ ہوئی ہے اور انہیں مراعات دینے کے حوالے سے پالیسی بنانے پر کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 18 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو لائسنس جاری کیے جا چکے ہیں جو آٹو اور لوڈر رکشہ تیار کرتی ہیں۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے میٹنگ کی ہے کہ لوڈر رکشہ کو الیکٹرک پر کنورٹ کریں۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا مختلف علاقوں کا دورہ

نماز کے اوقات میں مساجد کی سیکورٹی چیک، ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران سے ملے

اسلام آباد (نمائندہ) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، آئی جی اسلام آباد نے نماز کے اوقات میں مساجد کی سیکورٹی کو چیک کیا اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران سے ملے اور انہیں شاباش دی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، انہوں نے نماز کے اوقات میں مساجد پر موجود سیکورٹی ڈیوٹیز کو چیک کیا، ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران سے ملاقات کی اور انہیں شاباش دی، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی حفاظت کے لئے الرٹ ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکورٹی ڈیوٹیز انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، تمام سینئر افسران خود فیلڈ میں نظر آئیں، انہوں نے سینئر پولیس افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی ڈیوٹیز پر موجود تمام افسران کو بروقت ڈیوٹی پوائنٹس پر حاضری و افطاری پہنچائی جائے، سخت موسم کے باوجود پولیس فورس کے یہ افسران عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے الرٹ کھڑے ہیں، تمام افسران اپنی ڈیوٹیوں کو عبادت سمجھ کر کریں، آپ کی وجہ سے شہری سکون سے عبادت کرتے ہیں اور چین کی نیند سوتے ہیں، مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکورٹی ڈیوٹی میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن پاکستان کے سربراہ مقرر

فاؤنڈیشن کو بھی نئی جدت کے ساتھ نئے دور کے تقاضوں کے سے ہم آہنگ کیا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ) اسلام آباد پولیس کیلئے ایک اور اعزاز، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کو نیشنل پولیس فاؤنڈیشن پاکستان کا بھی سربراہ مقرر کر دیا گیا۔ سید علی ناصر رضوی اسلام آباد پولیس کے ساتھ ساتھ نیشنل پولیس فاؤنڈیشن پاکستان کو بھی کمانڈ کریں گے سید علی ناصر رضوی نے باقاعدہ نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کا بھی چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ سید علی ناصر رضوی اب پاکستان کے تمام پولیس ڈیپارٹمنٹس کی سپاہ اور ان کے خاندانوں کی ویلفیئر کے فرائض بھی سرانجام دیں گے۔ نیشنل پولیس فاؤنڈیشن پاکستان شہدائے پولیس کے خاندانوں، غازیوں، پولیس جوانوں کی ویلفیئر کے لئے نئے پراجیکٹس متعارف کروائے گی۔ اس تعیناتی سے نیشنل پولیس فاؤنڈیشن پاکستان میں نئے عہد کا آغاز ہوگا۔ آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس میں جدید ٹیکنالوجی کے متعدد پراجیکٹس متعارف کروائے۔ اب نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کو بھی نئی جدت کے ساتھ نئے دور کے تقاضوں کے سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔

راولپنڈی: ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی زیر صدارت صدر آفس میں میٹنگ

راولپنڈی پولیس کے 30 کانسٹیبلز کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی، ترقی پانیوالوں کا افسران کیساتھ گروپ فوٹو

رمضان میں مرغی مہنگی ہونے پر نوٹس جاری، جواب طلب

لاہور (نمائندہ) لاہور ہائی کورٹ میں ماہ صیام میں چکن کی قیمت میں اضافے کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت عالیہ نے درخواست گزار کی جانب سے درخواست پر نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے نوٹس میں فریقین سے جواب طلب کیا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ میں ماہ صیام میں چکن کی قیمت میں اضافے کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت عالیہ نے درخواست گزار کی جانب سے درخواست پر نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے نوٹس میں فریقین سے جواب طلب کیا ہے۔

راہزنی کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

اسلام آباد (نمائندہ 9) اسلام آباد پولیس تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے چھینے گئے موبائل فونز، موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا۔

رمضان میں ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن

لاہور (نمائندہ) رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوری کے خلاف ضلعی انتظامیہ لاہور نے سخت کارروائی شروع کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا کی قیادت میں مہنگائی کرنے والوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔ رمضان میں قیمتوں کو منصفانہ رکھنا اولین ترجیح ہے، عوامی ریلیف کے لیے اقدامات، قانون شکنوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ ضلعی انتظامیہ لاہور رمضان میں شہریوں کو ریلیف دینے کے لیے پرعزم ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی نگرانی میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ٹیمیں شہر بھر میں متحرک ہیں۔ ان ٹیموں کو اس بات کو یقینی بنانے کا کام سونپا گیا ہے۔

لاہور بار ایسوسی ایشن نے بھی ججز کا تبادلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا

قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کی تقرری کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دینے کی استدعاء

لاہور (نمائندہ) لاہور بار ایسوسی ایشن نے بھی ججز کا تبادلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ سپریم کورٹ میں ججز ٹرانسفر کیخلاف آئینی درخواست سینئر وکیل حامد خان کے ذریعے دائر کی گئی ہے جس میں استدعا کی گئی ہے کہ ججز کی اسلام آباد ہائیکورٹ میں ٹرانسفر کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ جسٹس عامر فاروق کا ججز کی ریپریزینٹیشن پر فیصلہ بھی کالعدم قرار دیا جائے۔ سپریم کورٹ سے یہ استدعا بھی کی گئی کہ قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کی تقرری کا نوٹیفکیشن بھی کالعدم قرار دیا جائے اور اسلام آباد ہائیکورٹ کی سنیارٹی لسٹ دوبارہ جاری کرنے کا حکم دیا جائے۔ درخواست گزار نے استدعا کی کہ نیا حلف اٹھانے تک ٹرانسفر شدہ ججز کو کام سے روکا جائے، ٹرانسفر شدہ ججز کی سنیارٹی حلف اٹھانے کے بعد سے شمار کی جائے۔ لاہور بار ایسوسی ایشن نے بھی ججز کا تبادلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ سپریم کورٹ میں ججز ٹرانسفر کیخلاف آئینی درخواست سینئر وکیل حامد خان کے ذریعے دائر کی گئی ہے جس میں استدعا کی گئی ہے کہ ججز کی اسلام آباد ہائیکورٹ میں ٹرانسفر کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے۔

سانحہ رائیونڈ لاہور کے 07 پولیس شہداء کی ساتویں برسی

فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے عظیم سپوتوں اور ان کی فیملیز کو سلام پیش کرتے ہیں، آئی جی

لاہور (نمائندہ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سانحہ رائیونڈ لاہور کے 07 پولیس شہداء کی ساتویں برسی کے موقع پر شہدا پولیس کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے عظیم سپوتوں اور ان کی فیملیز کو ہم سلام پیش کرتے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ 2018 میں آج ہی کے دن پنجاب پولیس کے 07 افسران و اہلکاروں نے دوران ڈیوٹی خودکش حملے میں جام شہادت نوش کیا۔ شہید ہونے والوں میں 02 سب انسپکٹرز، 02 ہیڈ کانسٹیبلز اور 03 کانسٹیبلز شامل ہیں۔ سب انسپکٹرز منظور احمد، محمد اسلم، ہیڈ کانسٹیبل محمد سعید، محمد نعیم، کانسٹیبل محمد سعید، محمد تنویر اور صابر علی نے شہادت کے رتبے پر فائز ہوئے۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سانحہ رائیونڈ لاہور کے 07 پولیس شہداء کی ساتویں برسی کے موقع پر شہدا پولیس کو خراج عقیدت کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے عظیم سپوتوں اور ان کی فیملیز کو ہم سلام پیش کرتے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ 2018 میں آج ہی کے دن پنجاب پولیس کے 07 افسران و اہلکاروں نے دوران ڈیوٹی خودکش حملے میں جام شہادت نوش کیا۔

ڈی آئی جی کا ایس ایس پی آپریشنز کے ہمراہ ضلع بھر کے ناکہ جات کا دورہ

ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران کو فرائض کی انجام دہی کے حوالے سے بریف کیا

اسلام آباد (نمائندہ) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کا ایس ایس پی آپریشنز کے ہمراہ ضلع بھر کے ناکہ جات کا دورہ کیا اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران کو فرائض کی انجام دہی کے حوالے سے بریف کیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے ایس ایس پی آپریشنز محمد شعیب خان کے ہمراہ ضلع بھر کے ناکہ جات کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے ڈیوٹی پوائنٹس پر فرائض منصبی کی ادائیگی پر مامور پولیس افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور بہترین فرائض کی انجام دہی پر شاباش دی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس نے رمضان المبارک کی سکیورٹی کے حوالے سے ضلع بھر کی مساجد اور امام بارگاہوں پر سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کئے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کے افسران ہمہ وقت شہریوں کی جان مال کی حفاظت کے لئے مصروف عمل ہیں، وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

نیشنل لاء کالج صادق آباد، مسلم لاء کالج اور فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کے لاء طلباء و طالبات کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ،

بجلی اور مویشی چوری میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن

لاہور (نمائندہ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس کا بجلی اور مویشی چوری میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ گذشتہ ایک ہفتے کے دوران صوبہ بھر میں بجلی چوری میں ملوث 1395 مقدمات درج کیے گئے اور بجلی چوری میں ملوث 444 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ اسی طرح گذشتہ ایک ہفتے کے دوران مویشی چوری میں ملوث 02 گینگز کو گرفتار کیا گیا اور گرفتار افراد کے قبضے سے 30 مویشی برآمد کیے گئے۔

تھانہ کراچی کمپنی کے علاقوں میں سرچ و کومنگ آپریشن

اسلام آباد (نمائندہ) اسلام آباد پولیس نے تھانہ کراچی کمپنی کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کے دوران 200 مشکوک افراد و کانوں، ہوٹلز، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس نے تھانہ کراچی کمپنی کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران 200 مشکوک افراد و کانوں، ہوٹلز، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو چیک کیا، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا ہے۔

لاہور انتظامیہ کا ماہ صیام میں قیمتوں پر سخت کنٹرول

لاہور (نمائندہ) ایڈمنسٹریٹر لاہور اور ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا کی سخت نگرانی میں ضلعی انتظامیہ نے رمضان المبارک کے دوران شہر بھر میں قیمتوں کے استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ خاص طور پر طلب میں اضافے کے اس عرصے کے دوران شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایک فیصلہ کن اقدام میں، انتظامیہ نے مہنگائی کے خلاف سخت کارروائی کی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ہی قیمتوں کی 70 خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی اور ان پر کارروائی کی گئی، جس کے نتیجے میں ڈپٹی کمشنر کی براہ راست ہدایات پر دو دکانیں سیل اور دو باقاعدہ مقدمات درج کیے گئے۔

پاکستانی محققین زرعی اختراع کے فروغ میں مصروف عمل

پاکستانی پوسٹ ڈاکٹریٹ محقق قمر الزمان نے چاول کے پودوں کا بغور معائنہ کیا

بائیکو، چین/ اسلام آباد (شہباز) چین کے جنوبی صوبے ہائی نان میں یاژو فیچ سائنس و ٹیکنالوجی شہر میں بارش کے پانی سے بھرے کھیتوں میں پاکستانی پوسٹ ڈاکٹریٹ محقق قمر الزمان ربن بوٹ پہنے کیچڑ میں چلتے ہوئے چاول کے پودوں کا بغور معائنہ کیا اور کبھی کبھار گہری جانچ کے لئے چاول کے کچھ خوشے توڑ لیتے ہیں۔ قمر یاژو وان قومی لیبارٹری میں ایک محقق ہیں اور 2017 میں اپنی ڈاکٹریٹ کی تعلیم کے لیے چین آئے تھے اس کے بعد سے انہوں نے مختلف زرعی تحقیقاتی اداروں میں چاول کی افزائش میں مہارت حاصل کی جس میں چاول کی پھپھوندی کی بیماری (آر بی ڈی) کے خلاف لڑنے پر خاص توجہ دی اور وسیع تجربہ حاصل کیا۔ پاکستان میں اپنی مہارت کو استعمال کرنے کے خواہشمند قمر وطن واپس آنے پر چاول کی اس بیماری پر قابو پانے میں کاشتکاروں کی مدد کرنے کی موثر حکمت عملی تیار کرنے سے متعلق پرعزم ہیں انہوں نے شہباز کو بتایا کہ پاکستان میں چاول کی پھپھوندی کی بیماری پیداوار کے لئے بڑا خطرہ ہے۔ پاکستان میں اب بھی آر بی ڈی کا موثر مقابلے کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کی کمی ہے۔ اس خلا کو پر کرنے کے لئے قمر جدید مالیکیولر طریقوں کی مدد سے چاول کی پھپھوندی کے خلاف مزاحمت کو بڑھانے کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ کیمیکل پر انحصار کم کرتے ہوئے چاول کی پائیدار کاشتکاری کر کے مجموعی پیداوار بہتر بنائی جا سکے۔ قمر کے مطابق انہوں نے چین میں اپنی تحقیق کا انتخاب کیا کیونکہ یہ سائنس و ٹیکنالوجی میں مضبوط عزم رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ یاژو وان قومی لیبارٹری نے مجھے اہم وسائل اور قابل قدر تعاون کے مواقع فراہم کئے جس سے مجھے اپنی تحقیقی مقصد حاصل کرنے میں مدد ملی۔

بلوچستان کا مسئلہ سیکیورٹی کی ناکامی نہیں بلکہ کرپشن اور بیڈ گورننس ہے

وطن دوست موومنٹ بلوچستان کے صدر عظیم خان کاکڑ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد () وطن دوست موومنٹ بلوچستان کے صدر عظیم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ سیکیورٹی کی ناکامی نہیں بلکہ کرپشن اور بیڈ گورننس ہے، بلوچ نوجوان ریاست سے مایوس ہوتے چلے جا رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ وہ برے سلوک کی وجہ سے وہ ملک و ملت کا سرمایہ بننے کے بجائے ملک دشمن عناصر کا قوم کے مفاد کے نام پر کرپشن اور کمیشن کو جائز قرار دینے والوں کے مقدر میں ذلت لکھی جا چکی ہے، بلوچستان معدنیات سے مالا مال ہے، واحد صوبہ ہے جسکے اسمبلی اراکین کی کل تعداد 65 ہے جبکہ کابینہ 40 ارکان پر مشتمل ہے، بلوچستان کے موجودہ وزیر اعلیٰ نے بلوچ قوم کو بدنام کرنے کے سوا کوئی کام نہیں کیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان سمیت پوری بلوچ کابینہ کو مناظرے کا چیلنج کرتا ہوں، عظیم خان کاکڑ نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان میں سیکیورٹی کو مسئلہ قرار دیا جاتا ہے مگر بلوچستان کا مسئلہ سیکیورٹی کی ناکامی نہیں بلکہ کرپشن اور بیڈ گورننس ہے، بلوچستان میں کرپشن اور بیڈ گورننس میں پچھلے سارے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں، قدرت نے بلوچستان کو قدرتی ذخائر سے بے تحاشا نواز رکھا ہے اور دنیا کے معدنیات کے سب سے بڑے ذخائر یہاں موجود ہیں، پاکستان کی 26 فیصد گیس کی ضروریات سوئی سے پوری ہو رہی ہیں، مگر اسکا فائدہ صرف ایک خاندان کو ہو رہا ہے۔

ڈی پی او اٹک کی ایس ڈی پی او آفس صدر سرکل میں کھلی کچہری

کھلی کچہری میں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور اپنے اپنے مسائل بیان کیے

اٹک (نامہ نگار) سی ایم پنجاب مریم نواز کے ویژن اور آئی جی پنجاب کی ہدایات پر عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے ڈی پی او اٹک ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی ایس ڈی پی او آفس صدر سرکل میں کھلی کچہری، تفصیلات کے مطابق کھلی کچہری میں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور اپنے اپنے مسائل بیان کیے، ڈی پی او اٹک نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل سماعت کر کے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے، ڈی پی او اٹک نے پولیس افسران کو ہدایات کیں کہ وہ قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں اور فوری انصاف کی فراہمی کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں، اس موقع پر ڈی پی او اٹک کا کہنا تھا جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

کراچی: جعلی دستاویزات اور ٹمپرڈ ویزہ پر بیرون ملک سفر کرنے والے مسافر کو آف لوڈ کر دیا گیا

راولپنڈی: خطیب مرکزی جامع مسجد مفتی محمد صدیق الحسینی سیالوی رمضان المبارک کے دوسرے جمعہ المبارک کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ماہ صیام کا دوسرا جمعۃ المبارک، پنجاب پولیس کے بھرپور سکیورٹی انتظامات

جمعۃ المبارک پر پولیس ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھے اور سکیورٹی بڑھا دی جائے، آئی جی

لاہور (نمائندہ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ماہ صیام کے دوسرے جمعہ المبارک پر پنجاب پولیس نے بھرپور سکیورٹی انتظامات کرتے ہوئے لاہور سمیت صوبہ بھر کی 36 ہزار 500 سے زائد مساجد، 2179 امام بارگاہوں اور 444 اقلیتی عبادت گاہوں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ مساجد، امام بارگاہوں اور مذہبی مقامات کی سکیورٹی پر 75 ہزار سے زائد پولیس افسران، اہلکار اور کمیونٹی رضا کار تعینات کیے گئے۔ لاہور میں مساجد، امام بارگاہوں، مارکیٹوں پر 05 ہزار سے زائد افسران و اہلکار اور رضا کاروں نے سکیورٹی ڈیوٹی انجام دی۔ صوبہ بھر کی حساس مساجد، امام بارگاہوں پر 200 سے زائد واک تھرو گیٹ اور 12 ہزار سے زائد میٹل ڈیٹکٹرز چیکنگ کے لئے استعمال کئے گئے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ جمعۃ المبارک پر پولیس ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھے اور سکیورٹی بڑھا دی جائے۔ علما کرام، مشائخ عظام ممبر و محراب سے بین المذاہب ہم آہنگی، بھائی چارے اور امن کا پرچار کریں۔ مساجد، امام بارگاہوں، مذہبی اور اہم مقامات کے اطراف سرچ اینڈ سویپ آپریشنز جاری ہیں۔

منشیات سمگلنگ کی وارد